کراچی ۲۹ اکتوبر۔ سندھ کے ریونیو بورڈ نے حکومت سندھ کو ایک رپورٹ پیش کی ہے جس میں آئندہ سال سے سندھ میں شراب کی مکمل بندش کی سفارش کی گئی ہے سندھ کابینہ کا ایک جلسہ ہوگا جس میں رپورٹ کے متعلق فیصلہ کیا جائے گا۔

برطانی تباہ کن جہاز پاکستان کو

کراچی ۲۹ اکتوبر۔ برطانیہ کا ایک تباہ کن جہاز جس نے دوسری جنگ میں یورپ کے حملے کے وقت نیلگوں [illegible] تھا۔ پاکستان بحریہ کے سپرد کردیا گیا ہے۔ پاکستان نے اس کو اور ایک اور جہاز کو برطانیہ سے خرید لیا ہے۔

قوم پرستوں کا بندرگاہ پر قبضہ

پیکنگ ۲۹ اکتوبر۔ قوم پرست فوجوں نے مکڈن سے ۵۰ میل جنوب کی طرف کوچ کرکے منچوریہ کی ایک اہم بندرگاہ پر اور [illegible] قبضہ کرلیا۔

قوم پرستوں کے دو جنگی جہاز فوجیں اور جنگی سامان اس بندرگاہ میں اتار رہے ہیں اس بندرگاہ پر قبضہ ہوجانے سے مکڈن کو خشکی کا راستہ کھل گیا ہے اور اب مکڈن جو منچوریہ کا ایک اہم بندرگاہ ہے کو کمک روانہ کی جاسکتی ہے اور موقعہ آنے پر حفاظتی فوجوں کو وہاں سے نکالا جاسکتا ہے اور اس طرح سے منچوریہ کو مکمل طور پر خالی کیا جاسکتا ہے۔ عام افواہ پھیل رہی ہے کہ جنرل چیانگ کائی شیک مکڈن کی فوجوں کو وہاں سے نکالنے کے لئے اس خشکی کے راستہ کو استعمال کریں گے جو اس بندرگاہ پر قبضہ ہونے سے کھل گیا ہے۔

صدر کانگریس کی روانگی

ڈاکٹر پٹابھی سیتا رامیہ [illegible] ہوائی جہاز سے [illegible] جہاں وہ [illegible] کے جلسوں میں شریک ہوں گے [illegible] کہ وہ [illegible] واپس آجائیں گے۔

نبی کریم صلعم کے ارشادات

یعنی مستند ومعتبر احادیث کا اردو ترجمہ

ترجمان السنۃ

جلد اول

یہ کتاب تقریباً [illegible] صفحات پر مشتمل ہے اس کے شروع میں نبی کریم کے ارشادات کی اہمیت اور حدیث کے حجت ہونے پر تنقیدی بحث کے علاوہ دوسرے موضوعات مثلاً تدوین حدیث کی تاریخ اور مقام رسالت ونبوت پر فاضلانہ مقالہ سپرد قلم کیا گیا ہے ساتھ ہی بعض مشہور ائمہ احادیث اور محدثین کے مختصر حالات بھی درج ہیں۔ طرز ترتیب کتاب حسب ذیل ہے۔

احادیث بزبان عربی مع اعراب
احادیث کا سلیس عام فہم ترجمہ
ہر ایک حدیث پر ایک تشریحی نوٹ
آخر میں مندرجہ احادیث پر ناقدانہ بحث

ترجمان السنۃ

[illegible] احادیث [illegible] کو پیش نظر رکھ کر مرتب کی گئی ہے۔

قیمت دس روپے [illegible] مجلد چھ بارہ روپے

الجمعیۃ بکڈپو۔ گلی قاسم جان دہلی

قصص القرآن حصہ اول [illegible]
قصص القرآن حصہ دوم [illegible]
قصص القرآن حصہ سوم [illegible]
قصص القرآن حصہ چہارم [illegible]
لغات القرآن حصہ اول [illegible]
لغات القرآن حصہ دوم [illegible]
لغات القرآن حصہ سوم [illegible]
اسلام کا نظام حکومت [illegible]
اسلام کا اقتصادی نظام [illegible]
مسلمانوں کا نظام تعلیم وتربیت اول [illegible]
[illegible] دوم [illegible]
مسلمانوں کا عروج وزوال [illegible]
غلامان اسلام [illegible]
اخلاق وفلسفہ اخلاق [illegible]
مسلمانوں کا نظم مملکت [illegible]
قرآن اور تصوف [illegible]
یہ سب [illegible] مجلد کتب کی [illegible] ہیں [illegible] مجلد کتب کی قیمت [illegible] کتاب کم ہے۔

جنگ آزادی
اور
قیام امن
میں

علمائے ہند نے جو کچھ حصہ لیا [illegible] کرنے کے لئے مشہور کتاب علمائے حق [illegible] فرمائیے

قیمت جلد اول [illegible] جلد دوم [illegible]

دو ہزار سے زیادہ پٹھان حیدرآباد سے نکال دیئے گئے

سکندرآباد میں وبا پھیلنے کا خطرہ

حیدرآباد ۲۰ اکتوبر۔ سرکاری حلقوں سے معلوم ہوا ہے کہ اب تک دو ہزار سے زیادہ افغان اور پٹھان ریاست سے نکالے جاچکے ہیں۔ انھیں ان کے گھروں کو واپس بھیجا جائے گا۔ ان قبائلیوں کو اسپیشل ٹرینوں کے ذریعہ بھیجا جارہا ہے اور باقی ماندہ قبائلیوں کے نام رجسٹر کئے جارہے ہیں۔ پٹھان کیمپ میں رکھے گئے ہیں۔ انھیں بھی واپس بھیجا جائے گا۔ حیدرآباد اسٹیٹ کانگریس کی ورکنگ کمیٹی نے میجر جنرل چودھری کے اعزاز میں دعوت دی۔

سکندرآباد شہر میں پلیگ پھوٹ پڑی ہے اور وبائی صورت اختیار کرنے کا خطرہ ہے۔ گورنمنٹ احتیاطی تدابیر اختیار کررہی ہے۔ ریاست کے کاشتکاروں کے پاس دو کروڑ روپے کا لگان بقایا پڑا ہے۔ اس سال کے مالیہ سے بھی ۳۶ لاکھ روپے کا بقایا باقی پڑا ہے۔ ۲۹ اکتوبر کو ریاست کے مستقبل پر غور کرنے کے لئے بمبئی میں جو کانفرنس بلائی گئی ہے سوائے راجہ دھنراج گیر کے اس میں شامل ہوں گے۔ اس میں سیاسی جماعتوں کے قائدین اور ریاست کے مالیات پر بحث ہوگی۔ سردار پٹیل اس کانفرنس میں شریک ہوں گے۔ کل سکندرآباد میں سردار پٹیل نے ریاست کے افسروں اور پولیس افسروں کی کانفرنس بلائی ہے۔ اس کانفرنس میں ریاست کے نظم و نسق میں تبدیلیوں پر غور کیا جائے گا۔ اور یہ معاملہ زیر بحث لایا جائے گا کہ کاشتکاروں سے ۴۲ لاکھ کا بقایا لگان کیسے وصول کیا جائے۔ گورنر بمبئی کے کئی افسران ریاست میں واپس آگئے ہیں۔

لیاقت علی خاں چرچل کی بارگاہ میں!

گفت و شنید کی تفصیلات راز میں ہیں

لندن ۱۸ اکتوبر۔ وزیر اعظم پاکستان مسٹر لیاقت علی خاں ہوائی جہاز سے لندن کو پیرس روانہ ہو گئے ہیں۔ انھوں نے مسٹر اسٹیفورڈ کرپس اور مسٹر چرچل سے ملاقات کی۔ مسٹر کرپس کے ملاقات کے دوران میں انھوں نے پاکستان کی ترقی میں برطانوی امداد پر غور کیا۔ یہ ملاقات دولت مشترکہ کے روزانہ کے باہمی مشورہ کے نتیجہ میں ہوئی تھی جس میں دولت مشترکہ کے غیر ترقی یافتہ علاقوں کی ترقی کا مسئلہ زیر بحث آیا تھا۔ اس گفتگو میں پاکستان کو ایسا علاقہ قرار دیا گیا تھا جو سب سے کم ترقی یافتہ ہے۔ پاکستان کے وزیر اعظم نے لندن میں اپنا آخری دن اس مسئلہ پر مزید گفت و شنید میں صرف کیا۔ پاکستانی وزیر اعظم برطانوی پارلیمنٹ کا افتتاح دیکھنے بھی گئے۔ دوسرے ملکوں کے وزیر اعظم بھی موجود تھے۔ شاہ برطانیہ نے پارلیمنٹ کا افتتاح کیا تھا۔ مسٹر لیاقت علی خاں نے اپنی روانگی سے قبل چند نامور ہستیوں سے ملاقات کی ان میں مسٹر چرچل بھی ہیں۔ شام کو مسٹر لیاقت علی خاں مسٹر چرچل سے خود ملنے گئے۔ اور دیر تک ان سے بات چیت کرتے رہے۔ اس ملاقات میں کیا باتیں ہوئیں یہ ابھی صیغہ راز میں ہے۔ مسٹر لیاقت علی خاں یکم نومبر تک پیرس میں قیام کریں گے۔ اس کے بعد وہ قاہرہ جائیں گے جہاں دو تین دن تک ٹھیریں گے۔ قاہرہ سے ۵ نومبر کو روانہ ہوکر ۵ نومبر کو کراچی پہنچ جائیں گے۔

یونسکو کا اجلاس بیروت میں ہورہا ہے

ڈائرکٹر جنرل کا انتخاب ہوگا

نئی دہلی ۱۸ اکتوبر۔ اقوام متحدہ کی تعلیمی اور سماجی کونسل یونسکو کا تیسرا عام اجلاس ۱۷ نومبر کو بیروت (لبنان) میں منعقد ہو رہا ہے۔ کانفرنس میں آئندہ سال کے لئے اپنے پروگرام پر بحث کرنے کے علاوہ ڈاکٹر جولین ہکسلے کی جگہ نیا ڈائرکٹر جنرل کا انتخاب بھی کرے گی اور نیا سالانہ بجٹ منظور کرے گی۔ صدارت کے امیدواروں میں ہندوستان کی طرف سے سر ڈاکٹر رادھا کرشنن بھی ہیں۔ انتخاب خفیہ رائے دہندگی کے ذریعہ ہوگا۔

کلکتہ کے قریب ایک بنک میں مسلح ڈاکہ

ڈاکو ایک لاکھ سے زیادہ روپے لے کر فرار ہوگئے

کلکتہ ۱۸ اکتوبر۔ چندر نگر میں کلکتہ کی ایک بنک کی شاخ میں چند مسلح آدمیوں نے ڈاکہ ڈالا اور ایک لاکھ تین ہزار روپے لے گئے۔ کہا جاتا ہے کہ یہ لوگ جو ریوالوروں سے مسلح تھے بنک بند ہونے کے وقت سے کچھ دیر قبل بنک میں داخل ہوئے۔ کیشیئر اور بنک کے ملازموں کو ڈرا دھمکا کر بند کردیا اور فولادی سیف کھول لیا اور اس کی تمام رقم لے کر فرار ہوگئے۔ تعاقب کنندگان کو منتشر کرنے کے لئے انھوں نے کئی فائر کئے۔ یہ واقعہ کلکتہ سے ۲۰ میل کے فاصلہ پر فرانسیسی چندر نگر میں پیش آیا۔

امریکہ میں انتخابی مہم کی گرما گرمی

امیدواروں کے الزامات اور جوابی الزامات کا دلچسپ مشغلہ

واشنگٹن ۱۸ اکتوبر۔ آئندہ منگل کو امریکہ کا صدارتی انتخاب ہونے والا ہے۔ یہ ہفتہ انتخابی مہم کو کامیاب بنانے کے لئے آخری ہفتہ ہے اور اسی لئے امیدواروں کے حامیوں بڑی سرگرمی سے کام کر رہے ہیں اور الزامات اور جوابی الزامات زیادہ سے زیادہ تیز ہوتے چلے جارہے ہیں۔ ری پبلکن پارٹی کے امیدوار مسٹر ڈیوی نے صدر ٹرومان پر یہ الزام عائد کیا ہے کہ انھوں نے امریکہ کے اتحاد کو ختم کردیا۔ ...

والیان ریاست کو اپنے وزیروں اور عوام کی امداد کرنی چاہیئے

گوالیار میں گورنر جنرل راجگوپال آچاریہ کی تقریر

گوالیار ۱۸ اکتوبر۔ مدھیہ بھارت یونین کے راج پرمکھ نے گورنر جنرل کے اعزاز میں ایک دعوت دی۔ گورنر جنرل نے اس موقعہ پر تقریر کرتے ہوئے کہا کہ والیان ریاست کو ان مشکلات کا بخوبی اندازہ کرنا چاہیئے جو اس وقت عوام اور ان کے وزیروں کو پیش آرہی ہیں۔ ...

مسٹر شعیب اللہ کے مقدمۂ قتل میں سلطانی گواہ کا بیان

سکندرآباد ۲۶ اکتوبر۔ آج مسٹر شعیب اللہ خاں کے مقدمۂ قتل کے سلطانی گواہ ... نے مجسٹریٹ کے سامنے اس راز کا انکشاف کیا ہے کہ شعیب اللہ ... کیا گیا۔ ... اس مقدمہ میں سلطانی گواہ کے علاوہ تین ملزم ہیں جن پر شعیب اللہ کے قتل اور اعانت قتل کا الزام ہے۔

مشرقی اور مغربی بنگال کے درمیان تبادلہ آبادی کی تجویز بیہودہ ہے

ایک پریس کانفرنس میں مسٹر موہن لال سکسینہ کا بیان

کلکتہ ۱۸ اکتوبر۔ حکومت ہند کے وزیر بحالیات مسٹر موہن لال سکسینہ نے ایک پریس کانفرنس میں کہا کہ مشرقی اور مغربی بنگال کے درمیان تبادلہ آبادی کی تجویز فضول اور بیہودہ ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ اگر مشرقی بنگال سے یہ انخلاء جاری رہا تو مغربی بنگال کو ۱۹۴۳ء کے قحط سے بھی زیادہ خوفناک صورت حال کا سامنا کرنا پڑے گا۔

مسٹر سکسینہ نے حکومت پاکستان پر الزام لگایا کہ وہ مشرقی بنگال میں اقلیت کے فرقہ کا اعتماد بحال نہیں کرسکی جس کی وجہ سے اتنے وسیع پیمانہ پر ہجرت شروع ہوگئی ہے۔ ...

کمیونسٹوں کے خلاف ڈٹ کر محاذ قائم کرنے کی ضرورت

...

مشرقی پنجاب کے وزرا کے شاہانہ ٹھاٹ

صرف فرنیچر پر ۲۷ ہزار خرچ

...

کشمیر کی گڑبڑ جلد ختم ہو جائیگی

— جنرل راجندر سنگھ جی —

جموں ۱۸ اکتوبر۔ جنوبی کمان کے جنرل آفیسر کمانڈنگ ... جنرل راجندر سنگھ جی نے ... ایک عام جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے حاضرین کو یقین دلایا کہ کشمیر کی گڑبڑ کو ختم کرنے میں زیادہ وقت نہیں لگے گا۔ ...

جمعہ کے دن پنڈت نہرو

جنرل اسمبلی میں تقریر کریں گے

...

مسٹر کھرو کا مقدمہ

سندھ لیگ کے سکریٹری پر جرح

کراچی ۱۸ اکتوبر۔ مسٹر کھرو کے خلاف ...

کراچی میں ہندو ڈاکٹر گرفتار

...

مزدور لیگ کا خاتمہ

لاہور ۱۸ اکتوبر۔ مغربی پنجاب مزدور لیگ ... ختم کر دی گئی ... اس کے بجائے پاکستان سوشلسٹ پارٹی ...

معاہدہ کی توثیق

کراچی ۱۸ اکتوبر۔ معلوم ہوا ہے کہ پاکستان کی کابینہ نے پاکستان اور چیکو سلواکیہ کے تجارتی معاہدہ کی توثیق کردی ہے۔ ...

کاشتکاروں کیلئے بہتر بیج

لاہور ۱۸ اکتوبر۔ مغربی پنجاب ... گندم ...

ناظرین الجمعیۃ

خط و کتابت کرتے وقت نمبر خریداری کا حوالہ ضرور دیجئے۔ ...

منیجر

۱۰۰۰ روپیہ کی گھڑیاں مفت انعام



...

لنڈن کمرشل کمپنی پوسٹ بکس نمبر ۱۱ (اے ڈی) امرتسر

ہر قسم کی خالی شیشیاں

...

جوانی کو ایکدم واپس لے آنیوالی تین دوائیں

اکسیر ...

جیون رگوں میں نیا خون ...

طلائے مسیحی ...

صدیقی دواخانہ سوئی گیٹ دہلی

رجسٹرڈ ڈی ۹۷ — قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی — فون نمبر ۵۸۵۵

سالانہ قیمت: چالیس روپے — ششماہی: بیس روپے — سہ ماہی: گیارہ روپے

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳ | دہلی یوم ہفتہ ۲۶ ذی الحجہ ۱۳۶۷ ہجری مطابق ۳۰ اکتوبر ۱۹۴۸ء | نمبر ۲۳۶ | بذریعہ ہوائی جہاز اڑھائی آنہ

بہترین طریقہ یہی ہے کہ آپ بذریعہ منی آرڈر قیمت بھیجکر اپنے نام پر اخبار الجمعیۃ جاری کرالیں۔ منیجر

عرب حکومتوں نے یہودیوں کے خلاف مشترکہ اقدام کرنے کا فیصلہ کرلیا

بغداد میں عرب لیڈروں اور سائندوں کے اہم مشورے

تجیب میں مصریوں کی شکست یہودیوں کا دعوے

[illegible]

فرانسیسی گورنر کی روانگی

[illegible]

کانگرس مجلس عاملہ کا اجلاس

[illegible]

حیدرآباد سے ۳ ہزار پٹھانوں کی روانگی

[illegible]

برلن اور امریکی خطہ کو ملانے والی ریلوے لائن بند

ہوائی آمد و رفت پر روسیوں کے کنٹرول کا اندیشہ

[illegible]

جنرل اسمبلی کا اجلاس ملتوی کرنے کی تحریک

عرب ممالک بھی التوا کی حمایت کررہے ہیں

[illegible]

فلسطین کا مسئلہ

[illegible]

کشمیر کا مسئلہ

[illegible]

شمالی اٹلانٹک کی حفاظت کے لیے معاہدہ

[illegible]

برلن میں روس کی اہم فوجی تیاریاں

فوجی لائن پر ۲ لاکھ سے زیادہ پولیس کا قیام

[illegible]

ماہی میں فرانسیسی جنگی جہاز کی آمد، عوام میں خوف و ہراس پھیل گیا

دکانیں بند۔ مہاجن سبھا کے کارکن بھی بھاگ نکلے

حکومت فرانس کا حکومت ہند سے احتجاج

[illegible]

مدراس میں تنسیخ زمینداری کا بل منظور ہوگیا

[illegible]

مغربی ملکوں کی یونین

امریکہ فوجی سامان مہیا کریگا

[illegible]

کوہ نور خضاب نمبر ۵۷۰ بالوں کو قدرتی جیسا سیاہ کرتا ہے ہر جگہ ملتا ہے

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۳۰ اکتوبر ۱۹۴۶ء

روئداد چمن

لندن میں دولت مشترکہ کے وزیر اعظموں کی وہ کانفرنس جو دس بارہ روز تک جاری رہی کئی روز ہوئے کہ ختم ہو گئی اور ایک کمیونک کے ذریعہ ہمیں یہ بھی بتادیا گیا کہ وہ کامیاب رہی اور اکثر زیر غور مسائل پر اتفاق رائے ہو گیا یعنی باہمی معاملات بین الاقوامی تعلقات، اقتصادی مسائل اور دفاعی امور پر خوب غور ہوا اور کوئی نہ کوئی ایسی بات طے پا گئی جس کے لئے کانفرنس کا انعقاد ضروری سمجھا گیا تھا، مگر ہندوستان اور دوسرے ممالک کے لوگ جو لندن سے بہت دور واقع ہوئے ہیں بدقسمتی سے ان الفاظ اور اصطلاحات کا مفہوم نہیں سمجھ سکے جو کمیونک میں "بین الاقوامی" جوڑ کے ساتھ استعمال کئے گئے ہیں یا تو یہ الفاظ واقعی مبہم ہیں جن کا مفہوم صرف ذہن کے کسی گوشہ میں محفوظ رکھا گیا ہے یا ہمارا فہم ہی اتنا ہلکا ہے کہ ان کا بار نہیں اٹھا سکتا۔ بہر حال لندن کی یہ کانفرنس ختم ہوئی اور گو ایک برادری اور ایک خاندان کے لوگ اپنے تاثرات اور مشاہدات پیش نہ کر سکے اور یہ نہ بتا سکے کہ کانفرنس کی کامیابی سے خود انہیں کس قدر مسرت حاصل ہوئی تاہم یہ بھی ظاہر ہے کہ ان کی طرف سے کسی تکدر اور بدگمانی کا اظہار بھی نہیں ہوا، اور کسی کو کہتے نہیں سنا کہ سنہ پار اگر ابھی دل کی خلش نہ مٹی اور مبادا لقیاء کے بعد قلب کی حرکت اور زیادہ تیز ہو گئی۔

اس کانفرنس کی نسبت ہم یہ ضرور کہہ سکتے ہیں کہ [illegible]

[illegible]

بتایا اس سے یہ امید رکھنا کہ اس سے ہندو پاکستان کو کوئی مفید مشورہ دیا ہوگا اور وہ اب کشمیر کے معاملہ کو بردباری طریقہ سے سلجھانے کے لئے آمادہ ہو گیا ہوگا، بہت بڑی بھول اور بہت سادگی ہوگی۔ ہمیں برطانیہ سے کسی قسم کی توقع رکھنے کے بجائے ہوشیار رہنے کی ضرورت ہے، اسکی موجودہ سیاست کا ہر گز یہ تقاضا نہیں ہے کہ ہندوستان اور پاکستان میں تعاون کا اسپرٹ بڑھے [illegible]

[illegible]

جہاں تک ہندوستان اور پاکستان کی نزاکتوں کا تعلق ہے ہمیں ان کے سمجھنے اور سمجھانے کے لئے آپ کو سمجھو تا بنانا چاہیے [illegible]

[illegible]

جائز مطالبہ

سندھ ہندو کانفرنس کے ایک وفد نے گورنر سندھ سے دوران ملاقات میں کہا کہ ہم سندھ [illegible]

[illegible]

اچھی باتیں

(آیت۔ تا۔ وکیلاً (پ ۱۹ ع ۲))

کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جنہوں نے خواہشات کو اپنا معبود بنالیا ہے، آپ کب تک ان کی وکالت کرتے رہیں گے!

مسلمان وہ ہے جو خواہشات کو مرضیات الٰہی کے تابع بنادے اور نفس پر قابو پاکر کائنات کو مسخر کرے۔ اللہ کے حدود کو توڑ کر نفس کو بے لگام کرنا اور خدا کی بخشی ہوئی ہدایت سے منہ موڑ کر خواہشات کے پیچھے لگ جانا کسی ایسی قوم کا کام نہیں ہو سکتا جو صالح اور مصلح بناکر بھیجی گئی ہو اور جس کا کام حق کی سربلندی اور قانون الٰہی کی پیروی ہو۔ سب جانتے ہیں کہ بتوں کی پوجا بت پرستی ہے، مگر نہیں جانتے کہ نفس پرستی اس سے زیادہ مہلک اور شرمناک ہے۔

سیاسی انقلاب!

(از مولانا ابوالاعلیٰ مودودی)

یہ تو تھا ہماری اس عظیم الشان قومی تحریک [illegible]

مسلمانوں کا قومی مطالبہ جو اس سے مرتب کیا [illegible]

[illegible]

اس طرح عمل میں لاکر رہنا چاہتے ہیں کہ ہماری پیشانی پر اقلیت کا لیبل نہ لگے اور ہم آزاد اور باعزت زندگی بسر کر سکیں۔

اگر پاکستان میں ہوشمندی اور دیانت داری کوئی مستقل ہستی ہے [illegible]

[illegible]

قائدین کی خوش فہمی

[illegible]

ہر مرض کا علاج

ہندوستان کے گورنر جنرل نے [illegible]

[illegible]

سیاستِ امروز

روس کی فوجی طاقت

روس کی فوجی طاقت اور اس کی فوجی تیاریوں کے متعلق یوروپین سوالات پر غور کرنے والی بین الاقوامی کمیٹی نے مغربی یورپ کی تمام طاقتوں کے وزراء اعظم اور وزرائے خارجہ کو ایک انتباہی مراسلہ ارسال کیا ہے اور روس کی فوجی قوت حسب ذیل طریقے پر بتائی ہے۔

ہوائی فوج:۔ اس وقت روس کی ہوائی فوج میں ۱۴۰۰۰ اور ۲۰۰۰۰ کے درمیان ہوائی جہاز ہیں ان میں دور مار جنگی مشینیں بھی ہیں، جو براعظم امریکہ کے تمام حصوں پر بمباری کر سکتی ہیں اس کے علاوہ سال رواں میں ۹۰۰۰ ہوائی جہاز تیار کئے جا رہے ہیں۔

بحری فوج:۔ کل پانچ لاکھ اشخاص پر مشتمل ہے دنیا میں سب سے زیادہ کرکر بیڑہ جو ۲۵۰ جہازوں پر مشتمل ہے روس کے پاس ہے۔ اس کے ذمہ یہ کام لگایا گیا ہے کہ جنگ کی صورت میں امریکی بیڑہ یورپ کے ساحل کی ناکہ بندی کرے تاکہ شمالی امریکہ کو بطور فوجی اڈہ استعمال نہ کیا جا سکے۔

بری فوج:۔ بری فوج ۲۵ لاکھ اشخاص پر مشتمل ہے۔ مزید [illegible] روس اس سال [illegible] ٹینک اور [illegible] توپیں تیار کر رہا ہے [illegible] روس کی جرمن دستوں کی طرز پر تربیت دے رہا ہے۔

دیگر ممالک کی طاقت

[illegible]

سالگرہ کے موقع پر ۳۰ اکتوبر کو جو پریڈ ہو رہی ہے اس میں ہوائی جہاز بھی حصہ لیں گے۔ ملک کی ہوائی طاقت کے متعلق طرح طرح کی چہ میگوئیاں ہو رہی ہیں۔

چیکوسلواکیہ کے پاس ۲۹۳ طرز کے جیٹ ہوائی جہاز ہیں جو جرمنوں نے جنگ کے خاتمہ سے ذرا پہلے تیار کئے تھے۔ یہ طیارے کبھی کبھی پراگ پر کافی بلندی پر پرواز کرتے رہتے ہیں۔

خیال ہے کہ روس ۲۹۳ طرز کے ہوائی جہازوں سے بھی بہتر ہوائی جہاز تیار کر رہا ہے اور ایسے ہوائی جہازوں کے بنانے کے طریقے بھی، یقین کیا جاتا ہے چیکوسلواکیہ کو بتائے گئے ہیں۔ اگر یہ اطلاعات صحیح ہیں تو ایک بار پھر اقوام متحدہ کی امن کی کوششیں کس حد تک بار آور ہوتی ہیں اور دنیا ایک بار پھر تیسری جنگ عظیم کی تباہیوں سے کیسے بچتی ہے۔

برلن کا معاملہ

جس بات کا ڈر تھا آخر وہی ہوئی برلن کا کمیٹی سے متعلق جو قرارداد پیش کی گئی تھی روس نے اس کے خلاف ویٹو کا استعمال کیا۔ مجلس تحفظ سے تو اب اس بارے میں کوئی امید نہیں رکھنی چاہیے دیکھنا یہ ہے کہ مغربی طاقتوں کا اگلا قدم کیا ہوتا ہے۔ [illegible]

[illegible]

باقی صفحہ ۴ پر

پولیس نے دیوبند میں توہین آمیز اور دل آزار طرز اختیار کیا

تمام حالات کا جائزہ لینے کے بعد مولانا محمد میاں صاحب کا بیان

نامہ نگار الجمعیۃ

جب یہ اطلاع دفتر جمعیۃ علماء ہند دہلی میں پہونچی تو حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب نے فوراً مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کو دیوبند بھیجا۔ مولانا نے دیوبند پہونچ کر تمام حالات کا جائزہ لیا۔ مقامی حکام سے ملاقات کی اور پھر مولانا منظور النبی صاحب کے ہمراہ کلکٹر ضلع سہارنپور سے ملے۔

ہندوستانی فوجوں میں تیزی سے اضافہ

انتظامی عہدوں پر اب صرف ۳ برطانوی افسر ہیں

دو برس میں کلکتہ کا ٹیلیفون سسٹم ٹھیک ہو سکیگا

کیا ایکسچینج میں جان بوجھ کر آگ لگائی گئی ہے؟

یو۔ پی اسمبلی کے "مشتبہ" ممبران

ہیضہ کی وبا کے ماہرین کی رائے

مشرقی پنجاب کی اسمبلی نے سیفٹی ایکٹ کا ترمیمی بل منظور کر دیا

اسمبلی میں سرکاری ممبروں سے مخالف ممبروں کی جھڑپیں

امریکہ میں ڈرائیوروں کی ہڑتال

افریقہ کے صحرا میں تیل کے ذخائر

برما میں ایک سو باغیوں کی ہلاکت

حیدر آبادی کمیونسٹوں کی گرفت پر حملہ

سیفٹی ایکٹ میں ترمیم

ٹراونکور وزارت کی منظوری

اردو ہندی کے مسئلے پر

وفد جمعیۃ علماء اور وزراء یو۔ پی کی گفتگو

(بحوالہ نشر و اشاعت جمعیۃ علماء ہند)

ممبر سازی کے کام میں جلدی کیجائے

جمعیۃ علمائے یو پی کا ماتحت جمعیتوں کے نام سرکلر

مولانا آزاد کو اعزازی ڈگری

جنوبی کوریا میں باغیوں کی انسانیت سوز حرکتیں

پیر الٰہی بخش کی وزارت مستعفی ہو جائے

سندھ آبزرور ڈان اور دوسرے اخبارات کا مطالبہ

مسٹر ٹنڈن کا تہنیتی تار

سوڈان سے روئی کی آمد

سنگھ پر پابندی اٹھالی جائے

مشرقی پنجاب کی کانگریس کا مطالبہ

بنارس میونسپل بورڈ کا چیئرمین

دارالسلطنت

۳۰ اکتوبر

ایک آدمی ہلاک

کل صبح فتیح بازار میں ایک بس کے نیچے آن کر ایک شخص سخت زخمی ہوا اور فوراً ہلاک ہو گیا۔ یہ بس ریلوے اسٹیشن اور اردو روڈ کے درمیان چلتی ہیں۔ ایک اور اطلاع میں بتایا گیا کہ بس کا ڈرائیور اور کنڈکٹر گرفتار کر لئے گئے۔

دہلی کی عدالتوں میں ہندی

معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند نے یہ بات منظور کر لی ہے کہ اردو اور انگریزی کے علاوہ صوبہ دہلی کی عدالتوں میں ہندی بھی استعمال کی جا سکے گی۔ دہلی کے حکام اس بارے میں تفصیلات مرتب کر رہے ہیں۔

مسٹر بلارڈ کا مقدمہ

مسٹر اے ایف بلارڈ جن کو عزیز ہند کے اسلحہ کی چوری کے سلسلہ میں گرفتار کیا گیا تھا ان کو کل ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے سامنے پیش کیا گیا تھا ان کے مقدمہ کی کارروائی ... سے شروع ہوگی۔

سپاہی پر قتل کا الزام

[illegible]

کوئلہ کی نئی قیمتیں

[illegible]

ناظم اعلیٰ کی واپسی

دہلی ... اکتوبر۔ حضرت مولانا محمد حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند ... اکتوبر کو کلکتہ تشریف لے گئے تھے۔ ... واپس آ گئے۔

(نامہ نگار)

سندھ سے آنے والے قیدی

دہلی ... اکتوبر۔ سندھ پاکستان کے قیدیوں کے تبادلہ میں سندھ کے جو تیس قیدی دہلی پہنچے ہیں ان سب کا ضلع کانگریس کمیٹی کشمیری گیٹ میں کھانے وغیرہ کا انتظام کیا گیا۔ اور ہر طرح سے انہیں آرام پہنچایا گیا۔

(نامہ نگار)

کانگریس ورکنگ کمیٹی کا اجلاس

نئی دہلی ... اکتوبر۔ معلوم ہوا ہے کہ کانگریس ورکنگ کمیٹی کا اجلاس ... نومبر کو دہلی میں منعقد ہوگا۔ اجلاس ڈاکٹر راجندر پرشاد کی صدارت میں ... کیا جائیگا۔

ڈاکٹر پٹابھی سیتارامیا کامیاب

نئی دہلی ... اکتوبر۔ ... آل انڈیا کانگریس کمیٹی نے اعلان کیا ہے کہ ڈاکٹر پٹابھی سیتارامیا کانگریس کے صدر منتخب ہو گئے ہیں۔ ...

ڈاکٹر پٹابھی سیتارامیا	۱۱۹۹
سردار شنکر راؤ دیو / ...	۱۰۸۵
فرق	۱۱۴

ڈاکٹر پرشاد ناگپور میں

ناگپور ... اکتوبر۔ آج ڈاکٹر راجندر پرشاد صدر کانگریس ... ناگپور پہنچ گئے ... روانہ ہو گئے۔

مہاتما گاندھی کے قتل کے مقدمہ کی مزید کارروائی
بمبئی کی خفیہ پولیس کے انسپکٹر کا بیان

[illegible]

ٹیلیفون ایکسچینج میں آگ لگنے سے دو کروڑ روپیہ کا نقصان
تجارتی اداروں، سرکاری دفتروں اور پولیس ہیڈکوارٹر کے ٹیلیفون معطل

کلکتہ ... اکتوبر۔ کلکتہ کے ٹیلیفون ایکسچینج میں ... آگ لگ گئی ... [illegible]

حیوانات کی نئی بیماریوں کے متعلق کانفرنس

نئی دہلی ... اکتوبر۔ ... [illegible]

ضرورت

ایک منشی کی ضرورت ہے جو کہ اردو، فارسی سے پوری طرح واقف ہو اور انگریزی کی خط و کتابت میں پوری مہارت رکھتے ہوں۔

اس پتہ پر مع ... درخواست بھیجیں

کمرشیل فنڈ ... کمپنی شو ... آگرہ

پاکستان ۱۳ جنوری تک تین لاکھ ۲۰ ہزار ٹن غلہ ہندستان کو دیگا
ہندستان نے لوہا، کوئلہ اور کپڑا دینے کا وعدہ کر لیا

نئی دہلی ... اکتوبر۔ ... [illegible]

کیا فرانسیسی کمیونسٹ شکست کھا جائینگے

پیرس ... اکتوبر۔ ... [illegible] ... (رائٹر)

سونے کا اشوک چکر
سردار پٹیل کو پیش کیا جائیگا

بمبئی ... اکتوبر۔ معلوم ہوا ہے کہ ... بمبئی میں سردار پٹیل کی خدمت میں سونے کا ایک اشوک چکر پیش کیا جائیگا۔ ... [illegible]

مزدوروں کی اجرت میں اضافہ

برلن ... اکتوبر۔ برلن کے روسی علاقہ ... میں کام کرنے والے مزدوروں کی اجرت میں اضافہ کرنے کے متعلق ایک حکم جاری کیا ہے۔

پنڈت نہرو جنرل اسمبلی میں تقریر نہیں کریں گے

پیرس ... اکتوبر۔ اقوام متحدہ کے افسران کی یہ کوشش کہ جنرل اسمبلی کا ایک خاص اجلاس ... پنڈت نہرو کی تقریر سننے کے لئے منعقد کیا جائے ناکام ہو چکی ہے ... [illegible]

ہندوستان میں برطانوی ہائی کمشنر

نئی دہلی ... اکتوبر۔ ... [illegible]

جنگ کی پہلی سالگرہ کے موقع پر وزیر دفاع سردار بلدیو سنگھ کا پیغام

دہلی ... اکتوبر۔ ... [illegible]

امریکن نمائندہ کی تجاویز میں ترمیم

[illegible]

ہندستانی سفارت خانہ کا انکار

[illegible]

بجنور میں

روزنامہ الجمعیۃ دہلی

منیجر صاحب رائل محمدن ہوٹل

صدر بازار سے طلب فرمائیں

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

ضروری اعلان

ہفتہ وار الجمعیۃ کی اشاعت ۲۶ اکتوبر سے شروع ہو جائے گی

روزنامہ الجمعیۃ

کے معاونین سے درخواست ہے کہ وہ ہفتہ وار الجمعیۃ کی سالانہ قیمت بارہ روپے یا ششماہی چھ روپے آٹھ آنہ جلد ارسال فرمائیں تاکہ ان کی خدمت میں بھی ہفت روزہ الجمعیۃ حاضر کیا جا سکے جو اپنی نوعیت کا

واحد ہفت روزہ اخبار ہوگا

اور جو اپنے بلند پایہ علمی، ادبی، سیاسی اور مذہبی مقالات کی وجہ سے اس قابل ہوگا کہ اسے بار بار مطالعہ کیا جائے۔

آج ہی قیمت ارسال فرمائیں

منیجر الجمعیۃ دہلی

ایرانی کابینہ کا ملکی ترقی کے لئے سات سالہ منصوبہ

۱۶ کروڑ پونڈ سے نئی صنعتیں جاری کی جائینگی

طہران ۱۰ راکتوبر۔ عنقریب اعلان کی پارلیمنٹ کے سامنے جو مجلس کے نام سے موسوم ہے ملک کی ترقی کے لئے ایک سات سالہ منصوبہ پیش کیا جائے گا۔ اس منصوبہ کا مقصد پیداوار اور برآمد میں اضافہ، زندگی کا معیار بلند کر کے ملک کی زراعتی اور صنعتی ترقی نیز معدنی دولت سے پورا پورا فائدہ اٹھانا ہے۔

[illegible]

اٹاوہ کی خبریں

دائرہ ادبیہ کا قیام

[illegible]

ڈیفنس سوسائٹی کا قیام

[illegible]

کونسلی کی لہر

[illegible]

سیاسی انقلاب

[illegible]

اہم سوال

[illegible]

تیل کی اہمیت

[illegible]

سماجی اصلاحات

رہائشی مکانات پانی کے پائپ اور بجلی وغیرہ اور دیگر شہری آسائشوں کے لئے اس منصوبہ میں اسی لاکھ پونڈ مخصوص کئے گئے ہیں۔ طہران میں بجلی کی بہت کمی ہے۔ تہران میں کسی کسی محلہ بجلی غائب رہتی ہے۔ بجلی کی پیداوار اور فراہمی کا انتظام بھی بہتر بنایا جائے گا۔ ایک کروڑ اسی لاکھ پونڈ کے صرفہ سے بڑے شہروں اور قصبات میں پانچ سال کے اندر اندر ہزاروں مکانات بنائے جائینگے۔ ملک کی ترقی کے اس پلان میں جتنا روپیہ صرف ہوگا اسکا بڑا حصہ اینگلو ایرانین آئل کمپنی کو جو ٹیکس وغیرہ وصول ہوتا ہے اس سے حاصل کیا جائے گا۔ نیز ایران کے قومی بنک سے تین کروڑ پچاس لاکھ پونڈ قرض لئے جائیں گے پانچ کروڑ [illegible]

بدرپور آسام میں پچاس ہزار کے اجتماع میں حضرت شیخ کی تقریر

تمام فرقہ کے لوگوں سے پرامن زندگی گذارنے کی اپیل

(نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

منا پور آسام، (بذریعہ ڈاک) اگذشتہ ۱۸ راکتوبر کو شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی صدر جمعیۃ علماء ہند نے بدرپور کے عیدگاہ میں ہندو مسلمانوں کے تقریباً پچاس ہزار کے ایک عظیم الشان اجتماع کے روبرو تقریر کرتے ہوئے [illegible]

ایک مبسوط تبصرہ فرمایا۔ حضرت مولانا نے فرقہ وارانہ [illegible] کے لئے برطانیہ کو مورد الزام قرار دیتے ہوئے سامعین کو نصیحت فرمائی کہ وہ میل جول اور باہمی رواداری کے ساتھ رہیں ورنہ ملک کو سخت نقصان پہونچے گا۔

حضرت مولانا نے ہندو مہاسبھا جیسی فرقہ پرست جماعتوں کی فرقہ وارانہ سرگرمیوں کی سخت مذمت کی اور کہا کہ لیگ کی فرقہ پرستی نے جو زہر پھیلایا تھا اس پر تو اب قابو پا یا جا سکتا ہے لیکن مہاسبھا کی فرقہ پرستی سے ملک کو جو نقصان پہونچے گا اس کی تلافی ناممکن ہو جائے گی۔ مسلمان فرمانرواؤں کے خلاف انگریز کے زمانہ میں غلط تاریخوں کے ذریعہ جو زہر پھیلایا گیا اس پر تبصرہ کرتے ہوئے حضرت مولانا نے فرمایا کہ انگریز نے یہ سب اپنی تقسیم کرو اور حکومت کرو کی پالیسی کے تحت کیا [illegible]

اورنگزیب کا ہندو توپچی

[illegible]

مدارس عربیہ و مکاتب دینیہ

[illegible]

لبنان نے ہجرت کھولدیا

[illegible]

جمعیۃ علماء ہمارے مفاد کی پاسبان ہے

یو۔پی گڑھوال اور مشرقی پنجاب میں جمعیۃ علماء کی سرگرمیاں

دہلی ۲۸ راکتوبر۔ جمعیۃ علماء کی سفیر بیت المال [illegible] اور اتحاد و لکانت، ایثار، استقلال اور باہمی مدد کا پورا پورا ثبوت دیں۔

گڑھوال میں جمعیۃ کی آواز

کوٹ دوار ضلع گڑھوال کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ اس ہفتہ میں کوٹ دوار میں مولوی محمد اسمٰعیل خاں کی تقریر کے بعد جس میں انہوں نے جمعیۃ علماء کی اہمیت بتائی تھی اور اس کے اغراض و مقاصد پر روشنی ڈالی تھی امام جامع مسجد اور دیگر معززین شہر نے جمعیۃ علماء قائم کرنے کا وعدہ کیا۔ [illegible]

مشرقی پنجاب

مالیر کوٹلہ کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ [illegible] صاحب نے جمعیۃ علماء کی اہمیت پر ایک تقریر کی اور اس کے ممبر بننے پر زور دیا۔ لوگوں کے جلد ہی [illegible] شاخ قائم کرنے کی توقع ہے۔

جمعیۃ جاری ہے ہندوستان کے [illegible] کی شاخیں قائم ہو رہی ہیں۔ دیہات میں بھی اس کا اثر بڑھتا جا رہا ہے۔ [illegible]

سرپرست جناب چودھری [illegible] خانصاحب صدر، جناب چودھری [illegible] خانصاحب نائب صدر [illegible]

جمعیۃ علماء نینی تال

[illegible]

آگرہ میں ممبر سازی

آگرہ میں بھی ممبر سازی کا کام جوش و خروش سے جاری ہے۔ [illegible]

اٹلی میں چیچک کی وباء

روم ۲۸ راکتوبر۔ اٹلی کے شہر سیلان جو ایک صنعتی مرکز ہے میں چیچک کی وبا پھیل جانے کا خطرہ پیدا ہو گیا ہے [illegible]

جنوبی افریقہ میں سونے کے ریزرو میں کمی

کیپ ٹاؤن ۲۸ راکتوبر [illegible]

دھوپ نظر کے چشمے

[illegible]

چاندنا آپٹیکل کمپنی

دہلی [illegible] چاندنی چوک دہلی

حال کی مایوسیوں کے ظلمت میں

ماضی کی جگمگاہٹیں آج بھی قائم ہیں

آئیے

ان جگمگاہٹوں کا سہارا لیکر

[illegible] اپنی اصل تلاش کریں

مستقبل کو روشن بنانے کیلئے

[illegible]

"مسلمانوں کا عروج و زوال"

اس کتاب میں خلافت راشدہ اور اس کے بعد کی مسلمانوں کی دوسری مختلف حکومتوں، ان کی سیاسی حکمت عملیوں اور مختلف زمانوں میں مسلمانوں کے عام اجتماعی اور معاشرتی احوال و واقعات پر تبصرہ کر کے مسلمانوں کے عروج و زوال کے اسباب [illegible]

[illegible]

الجمعیۃ بک ڈپو — گلی قاسم جان — دہلی

ظہور حق	جلد اول	[illegible]
"	دوم	[illegible]
نبی عربی صلعم	مجلد	[illegible]
خلافت راشدہ	"	[illegible]
بنی امیہ	"	[illegible]
قرآن اور تصوف	"	[illegible]
سفرنامہ ابن بطوطہ		[illegible]
مباحث قرآن		[illegible]
مسلمانوں کا نظم مملکت	مجلد	[illegible]
ترجمان السنۃ	"	[illegible]
اسلام کا نظام حکومت	مجلد	[illegible]
اسلام کا اقتصادی نظام	"	[illegible]
لغات القرآن حصہ اول	مجلد	[illegible]
"	دوم	[illegible]
"	سوم	[illegible]
غلامان اسلام	مجلد	[illegible]

الجمعیۃ بکڈپو دہلی

سے

کتابیں خریدیئے

کہ یہ

"ہم خرما و ہم ثواب"

کا

مصداق ہے

ہر قسم کے موسمی بخار اور ملیریا کے لئے

امیکو فیور میکسچر

AMICO'S FEVER MIXTURE

جلد اثر کرنے والی بہت مجرب اور اکسیر دوا ہے

یہ دوا ہر قسم کے موسمی بخار، جاڑا بخار، ملیریا بخار، انفلوئنزا، نزلہ، سردی کا بخار اور تلی بڑھ جانا وغیرہ اور باری سے بخار کے لئے بہت مفید ہے۔ پہلی خوراک میں اپنا اثر دکھاتی ہے۔ بچے، بوڑھے، جوان سب استعمال کر سکتے ہیں۔

قیمت فی شیشی دو روپیہ آٹھ آنہ (عہ)

تین شیشیاں سات روپے (سعہ)

علاوہ محصول ڈاک

ہر قسم کے علاج کے لئے فہرست ادویات مفت طلب کریں

ملنے کا پتہ

ایمن اینڈ اسمٰعیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ

نمبر ۸۰ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ ۱ (انڈیا)

دمہ اور پرانی کھانسی کے مریضو، نوٹ کرلو!

پارسال کی طرح سے اس سال بھی ہماری مشہور عالم [illegible] بلا لحاظ مذہب و ملت ہر قوم کے بھائیوں کو مفت تقسیم ہوگی [illegible]

[illegible]

پتہ: [illegible] آشرم [illegible] جگادھری [illegible]

سنگھی نہرو حکومت کا تختہ اُلٹنے کی سازش میں مصروف ہیں؟

دارالسلطنت ہند میں خفیہ طور پر خطرناک سرگرمیاں
بمبئی کے ایک اخبار کے سنسنی خیز انکشافات

نئی دہلی ۲۸ اکتوبر۔ نئی دہلی کے سرکاری حلقوں میں تحقیقات کرنے سے معلوم ہوا ہے کہ ... مہاتما گاندھی کے قتل کے حادثہ جانکاہ کو نو ماہ سے بھی کم مدت گذرا ہے اور ابھی ... سرکاری افسروں کے ایک مختصر طبقہ کی حمایت سے ... حکومت ہند کو ... [illegible]

ایم ایس گولوالکر ... [illegible]

نہرو ۔ خاص نشانہ ہیں

[illegible]

علانیہ اجتماعات

[illegible]

وزراء اور کانگریسی لیڈروں کی حمایت

[illegible]

کمیونسٹوں کیخلاف اقدام

سکندرآباد ۲۸ اکتوبر۔ ایک اطلاع میں بتایا گیا ہے کہ ضلع ... جنگل میں ایک مقام پر کمیونسٹوں کے ایک قلعہ پر ہندوستانی فوج نے چھاپہ مارا اور اسلحہ ... [illegible] ... کمیونسٹوں کی کمین گاہوں کی تلاش کر رہی ہے۔

برطانیہ اور مصر کے درمیان گفت وشنید

قاہرہ ۲۸ اکتوبر۔ مصر کے ... [illegible] ... لندن ... [illegible]

کانگریس آزاد ہند کی دوسری پارلیمنٹ اور دماغی خزانہ ہے
نئے صدر ڈاکٹر پٹابھی سیتا رامیہ کی تقریر

... کانگریس کے صدر منتخب ... سیتا رامیہ نے کہا ... کانگریس ملک کا دماغی خزانہ ہے یا ملک کی دوسری پارلیمنٹ ہے جو حکومت کے روزمرہ کام میں مداخلت نہیں کر سکتی لیکن اس کے کام کو روک نے اس میں ترمیم کرنے یا کوئی ... درستی کرنے کی مجاز ہے ... ممبران اسمبلی اور کانگریس کو ملک میں جمہوریت کے نشوونما کے لئے اپنے فرض کا احساس ہے ... جہاں وزیروں کو استعفیٰ کا غیر جانبدار طریقے چلانا چاہیے ... [illegible]

توازن قائم رکھا جائے لیکن اگر خود کانگریس نے روزمرہ حکومت میں مداخلت کی تو ... ہو جائیگی۔ کانگریس کی صدارت کے مقابلہ کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ مقابلہ ... تھا۔ لیکن یہ مقابلہ صدارت محض ایک عنایت ہے ... اپنی کہانی نہیں (قہقہہ) مجھے خوشی ہے ... کے صدر مسٹر ... تحسین ادا کی۔

ایک اور تقریر

بعد میں انہوں نے ہندوستانی پرچار سبھا کے جلسہ میں بھی تقریر کی۔ اور جنوبی ہند میں قومی زبان کی اہمیت واضح کی اور کہا کہ قومی زبان کا پرچار کانگریس کے تعمیری پروگرام کا ایک حصہ ہوگا۔ مجھے امید ہے کہ پرچار سبھا آخر کار اعلیٰ درجہ کی یونیورسٹی بن جائیگی ... [illegible]

... ہو لیکن اب ذمہ داریاں بھی بڑھ گئی ہیں کانگریس ... اس ملک کے لوگوں کی ... اپنے بالغ بچوں کو ... کانگریس ہندوستان کے اندرونی معاملات میں مداخلت نہیں کر سکتی۔

امروہہ میں صوبہ جمعیتہ علماء کی اہم کانفرنس
مولانا ابوالکلام آزاد اور دوسرے زعماء کی شرکت کی توقع

مرادآباد ... اکتوبر۔ یوپی صوبائی جمعیتہ علماء ... [illegible]

”کشمیر میں اقوام متحدہ اپنا فیصلہ نافذ کرے“
لندن میں پاکستانی کمانڈر انچیف مسٹری کا بیان

لندن ۲۸ اکتوبر ... [illegible]

ہندوستان میں شراب بندی کی اسکیم پر عمل
پورے ملک میں ایک ہی پالیسی پر عمل نہیں ہو رہا

... حکومت نے صوبوں اور ریاستوں کو ہدایت کی تھی کہ وہ شراب بندی کا کام ... [illegible]

دہلی میں ۳۲ لاکھ شرنارتھی بسا دیئے گئے

... حکومت ہند نے حال ہی میں جو مردم شماری کرائی تھی اس کے اعداد وشمار کے مطابق ... آدمی دہلی میں بسا دیئے گئے ہیں ... [illegible]

	مرد	عورتیں	کل تعداد
[illegible]	۲۰۳۵۵	۱۸۴۶۹	۳۸۸۲۴
[illegible]	۱۰۱۴۷	۱۰۱۳۲	۲۰۲۷۹
انبالہ [illegible]	۴۹۶۵۲	۴۲۱۲۸	۹۱۷۸۰
[illegible]	۳۰۶۸۶	۳۵۶۰۶	۶۶۲۹۲
[illegible]	۹۵۰۹	۹۱۲۲	۱۸۶۳۱
[illegible]	۲۶۲۹۰	۲۲۹۳۰	۴۹۲۲۰
[illegible]	۱۶۴۰۰	۱۵۹۰۰	۳۲۳۰۰

[illegible]

غیر ملکی زبانیں سکھانے کیلئے سکول

نئی دہلی ۲۸ اکتوبر ... [illegible]

ڈاکٹر پٹابھی کی کامیابی
سبحان اللہ کا تہنیتی تار

دہلی ۲۸ اکتوبر ... [illegible]

آبدوز کشتیوں کیلئے ایٹم کی طاقت

[illegible]

کینیڈا کا حفاظتی پروگرام

... [illegible]

حیدرآباد میں اقتصادی کانفرنس

... [illegible]

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ید اللہ علی الجماعۃ

فون نمبر ۵۸۵۵ — تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی — رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳ | دہلی یوم الاتوار ۲۷ ذی الحجہ ۱۳۶۷ ہجری مطابق ۳۱ اکتوبر ۱۹۴۸ء | نمبر ۲۳۷ | بذریعہ ہوائی جہاز ایک آنہ

اکسیر دنداں

اکسیر دنداں کے ہر مرض کے لئے اکسیر ثابت ہو چکا ہے ... حافظ امداد الحق دہلی

سیاسی بصیرت حاصل کرنے کیلئے اردو کا واحد سیاسی رسالہ "نئی زندگی"

ایڈیٹر: سید انیس الرحمن

قیمت سالانہ چھ روپے، فی پرچہ آٹھ آنے

نمونہ کے لئے آٹھ آنے کے ٹکٹ

منیجر رسالہ نئی زندگی الہ آباد

ہندستان کے خونی فسادات کی ذمہ داری برطانوی پالیسی پر ہے

برطانیہ کی موجودہ حکومت پر مسٹر چرچل کی نکتہ چینی

ہندستان کی حفاظت کرنے کی شرائط کا اعلان

لندن ۲۹ اکتوبر۔ برطانوی حزب مخالف کے لیڈر مسٹر چرچل نے ... بیان دیتے ہوئے کہا کہ برطانیہ کو ہندستان کے کسی حصہ کی ذمہ داری نہیں لینی چاہئے ...

ماہی میں پھر سے فرانسیسی اقتدار بحال ہوگیا

ایڈمنسٹریٹر کی قیام گاہ سے ہندستانی جھنڈا اتار دیا گیا

حکومت فرانس کا امتحان

ڈچ گورنر جنرل کا استعفے

لکھنؤ میں جمعیۃ علماء ہند کی سب کمیٹی کا اہم اجلاس

وقف ایکٹ میں ترمیمات اور مسودہ قضا کی ترتیب

(نامہ نگار خصوصی)

میونسپل ملازم گرفتار

مارشل اسٹالن کو امید ہے کہ جنگ نہیں ہوگی

فلسطین میں التوائے جنگ کے لئے برطانیہ و چین کی مشترکہ تجویز

عارضی صلح کے متعلق قائم مقام ثالث مایوس ہوگئے

امن کی طاقتوں کی کامیابی کے متعلق اظہار خیال

کمیونسٹ اخبار پراودا کے نامہ نگار سے مارشل کی ملاقات

ماسکو ۲۹ اکتوبر ...

اسکردو میں حملہ آوروں کا گولہ بارود کا ذخیرہ اڑا دیا گیا

ہندستانی ہوائی جہازوں کی کامیاب بمباری

جنوبی بیسرو میں بغاوت

ایک شہر پر باغیوں کا قبضہ

میجر جنرل چودھری کی تقریر

زراعتی انکم ٹیکس کا بل منظور

ریڈیم پلز دل و دماغ، معدہ، جگر اور گردوں کو طاقت پہنچا کر اچھا خون پیدا کرنے میں اپنا نظیر نہیں رکھتیں۔ عمر رسیدہ بھی نوجوان بن سکتے ہیں۔ چالیس گولیوں کی قیمت دو روپے آٹھ آنے۔ دواخانہ لقمانی بازار چتلی قبر دہلی

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۳۱ اکتوبر ۱۹۴۸ء

افکارِ عالیہ

لندن یونیورسٹی میں مسٹر لیاقت علی خاں وزیر اعظم پنجاب نے جو تقریر فرمائی ہے وہ بعض حیثیت سے بہت اہم اور واضح ہے، اور اس کا جواب ہم سب سے ضروری ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ اس کے اجزاء پر تنقیدی نگاہ ڈالیں اور اس کے مختلف پہلوؤں کو بین الملی اور بین الاقوامی حالات کی روشنی میں دیکھ کر کوئی نتیجہ فیصلہ کریں۔

وزیر اعظم موصوف نے تقریر کے آغاز میں کہا کہ عالمی امن اور انسانیت کی خاطر پاکستان دولت مشترکہ کی ہر خدمت کے لئے تیار ہے۔ یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ پاکستان دولت مشترکہ میں شامل رہے گا اور اس کے ذریعہ امن اور انسانیت کی خدمت انجام دیگا۔ موصوف نے اپنی چند اور تقریروں میں بھی ذہنوں کو اس طرف منتقل کرنے کی کوشش کی ہے کہ دولت مشترکہ کا مفاد اسی میں ہے کہ پاکستان اس میں شامل رہے، گویا اس بات کو تقریباً طے شدہ سمجھنا چاہیے کہ پاکستان دولت مشترکہ سے علیحدہ نہ ہوگا اور اس کی شمولیت بکمال و تمام ہوگی۔ قطع نظر اس کے کہ یہ شمولیت پاکستان کیلئے مفید ہوگی یا مضر اور اس کا سیاسی مزاج اسے کہاں تک برداشت کر سکے گا، یہ امر حیرت انگیز ہے کہ وزیر اعظم پاکستان نے شمولیت اور عدم شمولیت کے سلسلہ میں پاکستان پارلیمنٹ کا نام تک نہیں لیا اور صرف اپنی ذمہ داری پر کچھ ایسے اشارات کر دیے جن کا مفہوم متعین کرنے میں دو رائیں نہیں ہو سکتیں، اس غیر ذمہ دارانہ روش سے بہتر تو پنڈت جواہر لال نہرو کا اعلان ہے کہ ہندوستان کی دستور ساز اسمبلی ہی شمولیت اور عدم شمولیت کا آخری فیصلہ کرے گی اور وہی بتائے گی کہ اس بارے میں ہندوستانی جمہور کی رائے کیا ہے!

آپ کا دوسرا ارشاد یہ ہے کہ پاکستان جمہوریت پسندانہ طریق زندگی کا حامی ہے اور اسی لئے وہ دولت مشترکہ کے ارکان سے نباہ کرنے کے لئے تیار ہوا ہے! ہمارے خیال میں کسی پر بھی مارنا مشرق کے لئے کبھی مفید نہ ہوگا۔ یہاں موصوف کو کہنا چاہیے تھا کہ جمہوریت کے پردہ میں آمریت کو پیشوائی اور سرمایہ کاری کی اجازت نہیں دی جائے گی، دنیا میں جس قدر ظلم جمہوریت کے نام پر ہوا ہے اتنا شاید ڈکٹیٹر شپ کے نام پر نہیں ہوا، اگر یہی جمہوریت ہے جسے بکل میں دبا کر یورپ سرپٹ دوڑنا چاہتا ہے تو ہند اور پاکستان کو اس سے کوئی سروکار نہیں ہو سکتا۔ یہ عجیب قسم کی جمہوریت ہے جو روس کے مقابلہ پر سینہ تان کر کھڑی ہے اور ایشیا میں بھی اپنے فضائل و کمالات کا ثبوت بہم پہنچا رہی ہے، حالانکہ جمہوریت کے یہ دونوں حصے آپس میں متضاد ہیں اور دونوں کے نتائج بھی زمان و مکان کے لحاظ سے مختلف، اگر پاکستان کو جمہوریت پسندانہ طریق سیاست زیادہ پسند آیا ہے تو یہ قدم ایشیا کے لئے ایک مبارک فال ہے لیکن ہم اسی جمہوریت کو جمہوریت قرار دینے سے معذور ہیں جو آج کل مغربی طاقتوں کی آلہ کار بنی ہوئی ہے اور جسے شربت کی طرح استعمال کیا جا رہا ہے جو کسی بیمار عطار کے ہاتھ میں ہو اور وہ اس میں سے ہر قسم کا شربت نکال کر دیتا ہے!

تیسری بات آپ نے یہ فرمائی کہ "پاکستان ایک اسلامی اسٹیٹ ہے جس کی بنیادیں مساوات، عالمگیر اخوت اور معاشی انصاف پر قائم ہیں۔" لیکن اسلامی اسٹیٹ کے نام سے اب تک بہت گڑبڑ ...

پہیلی چلی ہے یا پہیلائی جا چکی ہے، وزیر اعظم پاکستان کا فرض تھا کہ وہ جمہوریت اور اسلامی اسٹیٹ کے مخاصم نظریوں کا تجزیہ کر کے ان تمام شبہات کو دور کرتے جو اب تک اس مسئلہ کے ساتھ لپٹے چلے آ رہے ہیں۔ انہیں واضح کرنا چاہیے تھا کہ اسلامی اسٹیٹ کا مفہوم کیا ہے اور اس میں حقیقی جمہوریت کو سمونے کی کس حد تک صلاحیت ہے۔ اگر ہم انہیں اسلامی اسٹیٹ کی یہ حد تو بتا دینی چاہیے تھی کہ جہاں تک اسلامی قوانین اور شرعی حدود کا تعلق ہے وہ صرف مسلمانوں سے مخصوص ہیں، غیر مسلموں سے ان کا کوئی تعلق اور واسطہ نہیں۔ یعنی پاکستان کی مسلم اکثریت اپنی مرضیات اپنے اوپر اسلام کی پابندیاں عائد کرنا چاہتی ہے اور انہی پابندیوں کا یہ تقاضہ ہوگا کہ غیر مسلموں کو ان کا پابند نہ بنایا جائے کیونکہ اسلام کسی غیر مسلم کو ان قوانین کا پابند بنانا نہیں چاہتا۔

وزیر اعظم موصوف کی چوتھی بات بھی قابل غور ہے۔ آپ نے کہا

"ہم پاکستان کو نہ تو سرمایہ پرست اسٹیٹ بنانا چاہتے ہیں نہ کمیونسٹ اسٹیٹ۔ پاکستان ان اصولوں پر مبنی ہوگا جن کی تفصیل اسلام نے کی ہے۔ پاکستان تمام انصاف میں عقیدہ رکھتا ہے یعنی ایسی اسٹیٹ جس میں انسانوں کے ساتھ انسانوں جیسا سلوک ہو اور جس میں ترقی کے ذرائع چند اشخاص کے لئے نہیں بلکہ کل آبادی کے لئے ہوں۔"

چونکہ معاشی نظام کا مسئلہ بہت وسیع ہے اس لئے ہم فی الحال اس پر کوئی بحث نہیں کرنا چاہتے، صرف مقدمہ لکھ دینا کافی ہے کہ اس تقریر میں جس معاشی انصاف کی طرف اشارہ کیا گیا ہے وہ کافی حد تک مبہم ہے ... نتیجہ خیز ہوگا جس سے غریبوں کی حالت بہتر ہو، جہاں تک عملی قدم کا تعلق ہے پاکستان میں اب تک ... پیدا نہیں ہوئے اور نہ ایسے ... اس کے لئے نظام سیاست میں بنیادی تبدیلیوں کی ضرورت ہے ... زبردست انقلاب ہے!

وزیر اعظم پاکستان کی آخری بات نہایت ہی قابل قدر ہے جسکا ہم سب کو خوشدلی کے ساتھ خیر مقدم کرنا چاہیے۔ آپ نے فرمایا

"آج پاکستان کے باشندوں کا نصب العین امن و امان ہے ہم کسی کے خلاف جذبات نفرت اور عداوت کو کوئی جگہ نہیں دے سکتے، ہماری خواہش تو یہ ہے کہ اقوام عالم میں امن قائم ہو اور قیام امن کی صورت پیدا ہو اور اسکے لئے ہم اپنے آپکو وقف کر دیں۔"

ہماری بھی یہی خواہش ہے کہ یہ جذبہ دن دونی رات چوگنی ترقی کرے اور ہند و پاکستان کے تعلقات میں استواری اور خوشگواری پیدا ہو اور ان کی سلامتی دنیا کے لئے نمونہ عمل بنے۔

ہٹلری نعرہ

جنوبی افریقہ کے وزیر اقتصادیات مسٹر ...

اچھی باتیں

و عباد ... تا ... سلما (پ ۱۹ ع ۴)

رحمان کے بندے تو وہ ہیں جو زمین پر
نرم چال چلتے ہیں، اور جب جاہل لوگ
ان سے خطاب کرتے ہیں تو ان کے منہ
سے اس کے سوا کچھ نہیں نکلتا کہ تم پر سلامتی ہو

رحمان کے بندے خدا کی صفت رحمت کا مظہر ہوتے ہیں ان میں انانیت اور غرور نہیں ہوتا وہ زمین پر نرم چال چلتے ہیں یعنی ان کی زندگی سلامتی کی اور اعتدال کی زندگی ہوتی ہے اور وہ دوسروں کی نرمی سے دلوں کی گرمی دور کرتے ہیں اور نہ صرف یہی بلکہ وہ جاہلوں سے بھی نہیں الجھتے اگر کوئی جاہل ان سے خطاب کرتا ہے تو ان کو غصہ نہیں آتا، نہ وہ ان کو جھڑکتے ہیں بلکہ کہتے ہیں تم سلامت رہو یعنی جہالت کی بیماری سے تمہیں نجات ملے اور تمہارے حواس کو شفا نصیب ہو، سوچو خدا کے بندوں کی یہ بلند سیرت اگر عام ہو جائے تو دنیا میں بدی اور شرارت کا کوئی وجود باقی رہ سکتا ہے؟

انڈونیشیا کی جنگ آزادی کے تین سال

(ڈاکٹر ...)

دوسری جنگ عظیم سے پہلے

ہالینڈ کی حکومت کا مطالبہ

معاہدۂ لنگ جاتی

آزادی

کانگریس کے سابق پریزیڈنٹ آچاریہ ...

سیر و سیاحت

(سیاح کے قلم سے)

روس کے زیر اثر ممالک

یورینیم کی پیداوار میں اضافہ

افغانستان سے ہندی فوج کی واپسی

ہم اپنے حقوق کی حفاظت کیلئے اپنی قوت پر بھروسہ کریں گے

فلسطین کے بارے میں وزیراعظم شام جمال مردم بے کا اعلان

بیروت ۱۹ اکتوبر۔ توقع کی جاتی ہے کہ شام آئندہ سکیورٹی کونسل میں اس مطلب کا ایک تجویز پیش کرے گا کہ اگر کونسل نے یہودی ۔۔۔ ہو گی۔

اس مطلب کی اطلاعات کے بعد فلسطین کا مسئلہ ۔۔۔

برطانیہ میں ریزرو فورس کا قیام

مسٹر ایٹلی کی دارالعوام میں تقریر

لندن ۔۔۔ اکتوبر۔ برطانیہ کے وزیراعظم مسٹر ایٹلی نے آج ہاؤس آف کامنز میں ایک تقریر کے دوران میں کہا کہ برطانیہ میں زمانہ امن کی شہری حفاظت کی تیاریوں میں پناہ گاہیں تیار کرنے کا کام شامل نہیں ہوگا۔ جنگ کی صورت میں ہم ۔۔۔ کا مقابلہ کرنے کے لئے ۔۔۔ ریزرو فورس قائم کی جائے گی۔

امریکہ اور برطانیہ کا احتجاج

اسرائیلی حکومت نے ثالث کا حکم ماننے سے انکار کر دیا

اسرائیلی حکومت کو کرارا جواب

پیداوار کا نیا ریکارڈ

برطانوی ٹریڈ یونینوں کی سرگرمیاں

برلن پر وزرائے خارجہ میں گفتگو

ہند کا نیا چیف آف نیول سٹاف

مسٹر نول بیکر کی تقریر

پنڈت ٹرومین کے ساتھ ہاتھ ملانے کی قیمت

ٹنڈن نے پتابھی کو ووٹ دیا

جاپان میں چھ لاکھ بیوائیں اور ڈھائی لاکھ رنڈوے

دوران جنگ میں جاپان کے شدید جانی نقصانات

ٹوکیو ۱۹ اکتوبر۔ جاپانیوں نے دوران جنگ بہت بڑے جانی نقصانات اٹھائے ہیں جس کے باعث جاپان میں تقریباً چھ لاکھ بیوائیں پائی جاتی ہیں۔ ۔۔۔

جمعیۃ علمائے ہند کے ممبر بنیئے

احرار العدام خلق کل ہند کی اپیل

دفتر صوبہ کی امروہہ کو منتقلی

پگڑی کا لین دین اخلاقی جرم ہے

لیاقت علی خاں کی نشری تقریر

لاسہ میں بجلی کا کارخانہ

ڈاکٹر سید حسین کا نیا عہدہ

ہندوستان اور ایشیا کے تعاون سے ایشیائی امن کو تقویت پہنچے گی

نیویارک میں ہندوستانی سفیر سر راماراؤ کی تقریر

نیویارک ۱۹ اکتوبر۔ ہندوستانی سفیر مقیم واشنگٹن سر بینگل راماراؤ نے کل ایک تقریر میں اس رائے کا اظہار کیا کہ ہندوستان کے وسائل کو ترقی دینے میں ہندوستان اور امریکہ کے اشتراک عمل سے ایشیا کے امن کو دیرپا تقویت پہنچے گی۔

ہندوستان کا انتظامی سسٹم بہت عمدہ ہے اور وہ امن و قانون کے خلاف ہر خطرے کا کامیابی کے ساتھ مقابلہ کر سکتا۔

سر راماراؤ نے کہا کہ ہندوستان نے حیدرآباد میں فوج بھیجنے میں دو برائیوں میں سے چھوٹی برائی کو منتخب کیا۔ ۔۔۔

حکومت ہند نے حیدرآباد پر سے اقتصادی پابندیاں اٹھا لینے کا فیصلہ کر دیا

برما کی خانہ جنگی

بدمعاشوں سے قبل خانہ جنگی کی کوشش

حیدرآباد کی طرف سے

پاکستانی وزیر خزانہ کی پیشکش

دو لاکھ تولے سونا

موجودہ حالات میں

ان چیزوں کے پڑھنے کا مشورہ ہم ہر مسلمان کو دیتے ہیں

دینی اصلاح و انقلاب کا داعی

ماہنامہ الفرقان لکھنؤ

مولانا محمد الیاس اور انکی دینی دعوت

مسلمانوں کے تنزل سے دنیا کو کیا نقصان پہنچا

ناظم دفتر الفرقان کوئن روڈ لکھنؤ

تپ دق T.B اور اس کا علاج

جبری JABRI

دار السلطنت

۲۹ اکتوبر ۱۹۴۸

شاہدرہ کے نزدیک ڈاکہ

شاہدرہ ریلوے اسٹیشن کے قریب چلتی گاڑی میں ایک ڈاکہ ڈالنے کی سنسنی خیز خبر موصول ہوئی ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ چند ڈاکوؤں نے ایک مسافر پر حملہ کیا ... [illegible] ... اور اس کی جیب سے ۵۰۰ روپے نکال لئے ... [illegible] ... ابھی تک ڈاکوؤں کی کوئی تعداد معلوم نہیں ہو سکی۔

نیا ٹکٹ گھر

مشرقی پنجاب ریلوے کے حکام ... [illegible]

پٹا بھی کا استقبال

آل انڈیا کانگریس کے نئے صدر ڈاکٹر پٹا بھی سیتا رامیا ... [illegible]

میونسپلٹی کا اجلاس

[illegible]

ٹکٹ کلکٹر پر حملہ

[illegible]

۴۰ ہم گز تار چوری

سبزی منڈی ... [illegible]

انخلا جاری ہے

[illegible]

جعلی کوپن فروخت کرنے پر گرفتاری

[illegible]

سبزی منڈی میں قتل

سبزی منڈی کے ایک شخص ... [illegible]

سردار پٹیل کا یوم ولادت

[illegible]

سائیکل کی چوری

[illegible]

مغربی ہند میں خوراک کی قلت

طغیانی سے فصلوں کو نقصان

[illegible]

ہندو اور مسلمانوں کو سزا

[illegible]

لولو پر بھو کا مقدمہ ملتوی

[illegible]

گاندھی جی کی یادگار

[illegible]

عورتوں کیلئے قومی ادارہ

[illegible]

بمبئی کے سی آئی ڈی افسر پر مزید جرح

لال قلعہ میں گاندھی جی کے مقدمۂ قتل کی کارروائی

[illegible]

عدم تشدد ہی امن کا باعث ہوگا

راجکماری امرت کور کا بیان

[illegible]

آسامی باشندوں پر پاکستان کی فائرنگ

شیلانگ ... [illegible] ... ڈاکٹر حیدری گورنر آسام جائے وقوعہ کا دورہ کر چکے ہیں۔

سردار پٹیل کی گاڑی کو حادثہ

[illegible]

معاشی اور مالی ذرائع

[illegible]

بازار کے بھاؤ

بازار صرافہ دہلی

[illegible]

دہلی اناج منڈی

[illegible]

سماک منڈی

[illegible]

دہلی کریانہ مارکیٹ

[illegible]

دہلی منیاری مارکیٹ

[illegible]

منڈی ڈبا نوالی

[illegible]

بازار حصص دہلی

[illegible]

ضروری اعلان!

ہفتہ وار الجمعیۃ کی اشاعت ۳۱ اکتوبر سے شروع ہو جائے گی

روزنامہ الجمعیۃ

کے معاونین سے درخواست ہے کہ وہ ہفتہ وار الجمعیۃ کی سالانہ قیمت بارہ روپے یا ششماہی چھ روپے آٹھ آنہ جلد ارسال فرمائیں تاکہ ان کی خدمت میں بھی ہفت روزہ الجمعیۃ حاضر کیا جا سکے جو اپنی نوعیت کا

واحد ہفت روزہ اخبار ہوگا

اور جو اپنے بلند پایہ علمی۔ ادبی۔ سیاسی اور مذہبی مقالات کی وجہ سے اس قابل ہوگا کہ اسے بار بار مطالعہ کیا جائے۔

آج ہی قیمت ارسال فرمائیں

مینیجر الجمعیۃ دہلی

کشمیر کی جنگ کے متعلق حکومت کا پریس نوٹ

نئی دہلی ۱۳۰ اکتوبر حکومت ہند نے ... پریس نوٹ جاری کیا ہے ...

بارہ بنکی میں پیشہ ور کانفرنس

بارہ بنکی ... بارہ بنکی کے معززین پیشہ ور ...

عراق میں کھدائی کا کام

اصلاح نفس کی ضرورت

سلیمان ندوی کی تقریر

... سلطان نظام الدین اولیا، امام احمد سرہندی ... نے ہندوستان کے چپہ چپہ پر پھیل کر ہدایت کی شمع کو روشن کرتے تھے۔

آسٹریلیا میں کمیونسٹوں کے خلاف تحریک

جیٹ قسم کے ہوائی جہاز تیار کیے جائیں

مدوجزر کو قابو میں لانے کی کوششیں

ایک امریکن انجینئر کا محیر العقول منصوبہ

ڈاکٹر اقبال مرحوم نے فرمایا تھا۔

محبت مجھے ان جوانوں سے ہے
ستاروں پہ جو ڈالتے ہیں کمند

مارشل ٹیٹو کے خلاف کارروائی

فرانس میں تنزلی دن بدن گھروں میں

مشرقی جرمنی میں روسی فوجی

جمعیۃ علماء کی سرگرمیاں

بھاگلپور میں طلباء کا جلسہ — مغل سرائے میں جمعیۃ علماء کا قیام — دیوریا جمعیۃ علماء وفد کا دورہ — دہلی میں ممبر سازی کا جوش وخروش

ممبر سازی کے لئے اپیل

مسلمانوں کا عام جلسہ

دیہات کا دورہ

پتہ مطلوب ہے

ریشمی کپڑا ایک روپیہ گز

ریشمی کپڑا ایک روپیہ گز آپ کو کسی جگہ سے نہیں مل سکتا۔ لیکن ہم آپ کو بہت ہی سستے نرخوں پر ... امریکن سفید سلکی پیراشوٹ یعنی پوری ...
... بغیر جوڑ کے بمعہ ریشمی ڈوری قیمت 12 روپے
... پلنگ مفت محصول ڈاک وغیرہ 1/11 تین پیراشوٹ یعنی
پوری 36 کلیاں رعایتی قیمت 33 محصول ڈاک 3/15 آج ہی آرڈر دے کر
فائدہ اٹھائیں۔ یہ مال دوسرے ریشمی کپڑوں کی نسبت نہایت عمدہ اور ملائم ہے
... مگر اب اسٹاک ختم کرنے کیلئے یہ رعایتی قیمت ...
تین پیراشوٹ پوری 36 کلیاں محصول ڈاک سمیت آپ کو گھر بیٹھے 36/15 میں
... مال فوراً منگوائیں ورنہ اسٹاک ختم ہونے پر آپ کو پچھتانا پڑیگا

امریکن ٹریڈنگ ایجنسی پی. بی. ... امرتسر

(ریشمی کپڑے کے مشہور سوداگر امرتسر)

AMICO.TONIC امیکو ٹانک

کمزوروں کو طاقتور بوڑھوں کو جوان بنانے والی دوا

نامردی، لاغری جسم، کمزوری دل و دماغ اور اعضائے رئیسہ کے لئے اکسیر ہے۔

امیکو طلا

ملنے کا پتہ: امین اینڈ ایس ... انگریزی دواخانہ نمبر ... کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

علماء حق!

ہندوستان کے جہاد آزادی کی مکمل تاریخ

قیمت حصہ اول ... قیمت حصہ دوم ...

مسلمانوں کا روشن مستقبل مجلد
ترجمان السنۃ
لغات القرآن حصہ اول
لغات القرآن حصہ دوم
لغات القرآن حصہ سوم
اسلام کا نظام حکومت
اسلام کا اقتصادی نظام

فضائل الشہور والایام
الشہاب الثاقب
تذکرہ (شاہ ولی اللہ)
التوحید
الہام ناطق
تاریخ الاسلام
نبی عربی صلعم مجلد

قرآن مجید

اور

سیپارے

تاجرانہ نرخ پر طلب فرمائیے

علمائے دیوبند کی جملہ تصانیف پتہ ذیل سے منگائیے

الجمعیۃ بکڈپو

گلی قاسم جان دہلی

امتحان پاس کرنے کیلئے ...

مسٹر چرچل سابق وزیر اعظم برطانیہ کا پارلیمنٹ میں بیان

(بقیہ صفحہ اول کالم)

[illegible]

ریاستی کانگریس کو عوام کا اعتماد حاصل ہے

سوامی رامانند تیرتھ کے خیالات

حیدرآباد ۹ اکتوبر۔ صدر حیدرآباد اسٹیٹ کانگریس سوامی رامانند تیرتھ نے مہاراشٹر صوبائی کانگریس کمیٹی (حیدرآباد کانگریس کا مہاراشٹر ونگ) کے جلسے میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ حیدرآباد کے آئینی، اقتصادی اور سیاسی مستقبل کو قومی مسائل کے پس منظر میں دیکھنا چاہئے۔ سوامی رامانند تیرتھ نے کہا کہ صرف اسٹیٹ کانگریس کو عوام کا اعتماد حاصل ہے اور وہی ریاست کے مستقبل کی تشکیل کر سکتی ہے۔ [illegible]

(صفحہ اول کالم ۵ سے آگے)

[illegible]

خود عوام کو کرنا ہے۔

ملک بڑا فائدہ ہوا ہے اور وہ یہ کہ صوبہ پرستی پس پشت جا پڑی ہے اور قوم پرستی کو فتح ہوئی ہے۔ فرقہ پرستی کے لئے حیدرآباد میں کوئی جگہ نہیں اس کا خاتمہ کر دیا گیا ہے۔

مغربی پنجاب کی کابینہ میں توسیع کے امکانات

لاہور ۹ اکتوبر۔ مغربی پنجاب کے وزیر اعظم خان ممدوٹ کراچی گئے ہیں تاکہ وہ اپنی کابینہ میں توسیع کرنے کی اسکیم کو مکمل کریں۔ [illegible]

یوگوسلاویہ کا تجارتی مشن

کراچی ۹ اکتوبر۔ [illegible] مشن پاکستان پہنچ رہا ہے جو پاکستان کے ساتھ [illegible]

گمشدہ کی تلاش

صادق حسین [illegible] عمر ۱۳ سال، رنگ گندمی، چہرہ [illegible] [illegible]

مارشل اسٹالن کا بیان

[illegible]

پاکستان نے جاپان سے تین کروڑ کا کپڑا خرید

۸۰ ہزار گانٹھیں بھی آرہی ہیں

کراچی ۹ اکتوبر۔ [illegible]

ساگر میں مشترکہ مشاعرہ

[illegible]

جرمنی کے امریکی شہر اسٹگارٹ میں اسی ہزار مزدوروں کا مظاہرہ

پولیس کو اشک آور گیس استعمال کرنی پڑی

اسٹگارٹ ۹ اکتوبر۔ امریکہ کے جرمنی کی پولیس نے آج اپنی سنگینوں پر [illegible] اور اشک آور گیس استعمال کر کے [illegible] ۔ [illegible]

پہلے [illegible] اسی ہزار مزدوروں نے مظاہرہ کیا۔ [illegible]

مسٹر کھوڑو نے سندھ میں شخصی راج قائم کرنا چاہا

سابق وزیر اعظم سندھ کے خلاف سرکاری کا بیان

[illegible]

برلن کا معاملہ اور اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی

امریکہ، برطانیہ اور فرانس کے وزرائے خارجہ کا اعلان

[illegible]

جاٹ تقسیم پنجاب کے مخالف ہیں

[illegible]

جوانی کو ایک دم واپس لے آنیوالی تین چیزیں

اکسیر [illegible]

جیون [illegible]

طلاء مسیحی [illegible]

صدیقی دواخانہ نور گنج دہلی

پانچ ہزار روپیہ کا نقد انعام حاصل کریں اور فائدہ اٹھائیں

[illegible]

قواعد [illegible]

(نوٹ) [illegible]

ایس۔ ڈی۔ پی اینڈ کو ایم لالقان جودھپور

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

فون نمبر ۵۸۵۵ — تار کا پتہ: الجمعیۃ

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۰ | دہلی یوم پیر ۲۸ ذی الحجہ ۱۳۶۷ ہجری مطابق یکم نومبر ۱۹۴۸ء | نمبر ۲۳۸ | بذریعہ ہوائی جہاز ڈھائی آنہ

منی آرڈر بھیجنے والے؟

اخبار الجمعیۃ دفتر جمعیۃ علماء ہند میں منی آرڈر بھیجنے والے صاحبان کی خدمت گذارش ہے کہ وہ کوپن پر اپنا نام اور مفصل پتہ ضرور تحریر کریں۔ ... اور منی آرڈر کی وصولیابی کے موقع پر اتنا وقت نہیں ہوتا ہے کہ کوپن پر فرستندہ کا نام اور پتہ وصول کنندہ نوٹ کرے۔

محمد حمید قاسمی دفتر جمعیۃ علماء ہند

سیاسی بصیرت حاصل کرنے کیلئے اردو کا واحد سیاسی رسالہ

نئی زندگی

ایڈیٹر: سید انیس الرحمن

قیمت سالانہ چھ روپے، فی پرچہ آٹھ آنے

نمونے کے لئے ... آنے کے ٹکٹ

منیجر رسالہ نئی زندگی الہ آباد

فرانس کے فوجی حکام ماہی کی بستی میں مارشل لا نافذ کر دیا

پانڈیچری سے مزید فوج ماہی بھیجی جا رہی ہے

مہاجن سبھا اور سوشلسٹ پارٹی کا فوجی حکام کے مطالبات ماننے سے انکار

باہمی شدید تصادم

دہلی میں رشوت ستانی اور خلاف قانون درآمد کے جرائم میں دگنا اضافہ

گزیٹڈ افسر بھی رشوت لیتے ہوئے گرفتار ہوئے

یونان کی حالت نازک ہو گئی

بنگال میں سب سے بڑی آتش زدگی

مہاراجہ کوٹھا پور اور سردار پٹیل

ریاست کے معاملات پر تبادلہ خیال

مسٹر جے پرکاش نرائن پنڈت نہرو سے ملے

فیروزپور جیل میں ڈاکٹر قریشی کی بھوک ہڑتال کر دی

حکومت مغربی پنجاب کے رویہ کے خلاف احتجاج

انتخابات کے ملتوی ہونے پر ...

حیدرآباد کے آئندہ نظم و نسق کے متعلق بمبئی میں اہم کانفرنس

سوامی رامانند تیرتھ اور شہزادہ برار کو مشورہ کیلئے بمبئی آنے کی دعوت

ریلوے ملازمین کی تنخواہوں میں خصوصی طور پر کوئی اضافہ نہیں کیا جائے گا

حکومت کا ریلوے فیڈریشن کے مطالبات منظور کرنے سے انکار

فیڈریشن کو ریلوے بورڈ کے فیصلے سے مطلع کر دیا گیا

فیڈریشن کے مطالبات

حکومت کا جواب

امام الہند کا عزم کشمیر

برطانیہ کے دفاع پر خفیہ بحث

صدر کانگریس کو مبارکباد

صدر جمعیۃ علماء راجستھان کا برقیہ

گرانی الاؤنس

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
یکم نومبر ۴۸ء

عرب اور سلامتی کونسل

اگر آپ فلسطین کے حالات پر غور کریں گے تو یقیناً آپ کو رونا آئیگا، اور وہ ملک جو عربوں اور ترکوں کے عہد میں امن و سلامتی کا گہوارہ بنا رہا جس میں مسلمانوں کے زیر سایہ ہر قوم کو آزادی اور چین نصیب ہوا وہ اب فساد و خونریزی جنگ و منافرت کا اکھاڑہ بنا ہوا ہے اور اس کی سرزمین ان لوگوں پر تنگ ہوگئی ہے جنہوں نے یہودیوں کو اماں دی تھی اور غیروں کی راہ میں اپنی آنکھیں بچھائی تھیں، اگر کسی کا یہ خیال ہے کہ یہودی قوم عربوں کے ساتھ انصاف اور بھلائی کے ساتھ پیش آئے گی اور قدم جمانے کے بعد اپنے پڑوسیوں کی دلداری کرے گی تو یہ اس کی بھول ہے یہودی قوم کی فطرت میں شرارت ہے یہ ہمیشہ اپنے محسنوں کو سولی پر چڑھاتی ہے اپنے ہمدردوں کے سینوں پر سوار ہوتی ہے اور جس ہنڈیا میں کھائے اسی میں چھید کرتی ہے، اس نے امریکہ اور برطانیہ کی امداد سے فلسطین میں اسرائیلی حکومت قائم کرکے عربوں کے لئے زندگی اور موت کا سوال پیدا کر دیا ہے اگر اس کی رسی دراز کی گئی اور اس کی لگام کو نہ کھینچا گیا تو یہ قلب عرب میں وہ ظلم و ستم ڈھائے گی جس کے سامنے ہٹلر اور مسولینی اور فرانکو کے مظالم بھی گرد ہو کر رہ جائیں گے۔

یہودی قوم نے فلسطین میں قدم جماتے ہی سلامتی کونسل کو بھی آنکھیں دکھانی شروع کر دی ہیں، انہوں نے بار بار سلامتی کونسل کے آرڈروں کی خلاف ورزی کی اور متعدد بار جنگ میں پہل کرکے اپنی طاقت اور جمعیت کا سکہ جمانا چاہا۔ عرب حکومتیں اس وقت اس قدر مجبور ہیں کہ وہ مدافعت کے سوا کچھ نہیں کر سکتیں اور یہ ظاہر ہے کہ مدافعت اور شکست کے درمیان کچھ زیادہ فاصلہ نہیں ہوتا جس کو شکست و ہزیمت سے دو چار ہونا ہو وہ دفاعی پوزیشن اختیار کرے اور حریف کو شکست دینے کے بجائے صرف اپنے بچاؤ کی فکر کرے۔ یہودیوں کے پاس روپیہ ہے، نظم اور اتحاد ہے، علم و سائنس ہے، خوفناک قسم کے کیمیاوی آلات ہیں، روس اور امریکہ کی حمایت ہے انجمن یہودیوں کا دباؤ اور انگلستان کے یہود نواز ڈیوک اور لارڈوں کی سرپرستی ہے اور سب سے بڑھ کر عربوں کی کمزوری اور ان کی باہمی مخالفت و مخاصمت ہے جس سے یہودنے زبردست فائدہ اٹھایا ہے!

اعلان مذکور میں مزید کہا گیا ہے کہ فلسطین کے باشندے شرق اردن کی موجودہ حرکات کو برداشت نہیں کریں گے۔ حکومت شرق اردن کی موجودہ پالیسی عرب ملکوں کے اتحاد کو نقصان پہونچانے والی اور شاہ عبداللہ کے ان وعدوں کے خلاف ہے جو فلسطین کے باشندوں کے ساتھ کئے گئے تھے۔ فلسطین کے کچھ حصہ کو شرق اردن میں شامل کرنا تقسیم فلسطین کی اس اسکیم کو عملی جامہ پہنانا ہے کہ جس اسکیم سے عرب ملکوں نے اتفاق رائے سے نامنظور کیا تھا۔ (گلوب)

پاکستان دو کروڑ کا سوتی کپڑا خریدیگا

کراچی ۱۰ دسمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت پاکستان کا ایک وفد پاکستانی افواج کے لئے سوتی کپڑا خریدنے کے لئے مسٹر اے۔ بی۔ حبیب اللہ ٹیکسٹائل کمشنر کی قیادت میں انگلستان روانہ ہوگا۔ خیال کیا جاتا ہے کہ وہ دو کروڑ روپیہ کا کپڑا خریدیگا۔

کراچی ۱۰ دسمبر۔ یہاں پر مالک غیر سے کافی مقدار میں آجانے کے باعث حالت بہتر ہو گئی ہے۔ اس لئے اس پر سے ۱۵ دسمبر سے کنٹرول ختم کر دیا گیا ہے۔

ہندوستان کو امریکہ کی مدد کی ضرورت

پروفیسر رنگا کا بیان

نئی دہلی ۱۰ دسمبر۔ ہندوستانی آئین ساز اسمبلی کے کانگریس ورکنگ کمیٹی کے ممبر پروفیسر این۔ جی۔ رنگا نے نامہ نگار گلوب سے ملاقات کرتے ہوئے کہا کہ ایشیائی ملکوں کی اقتصادی، سوشل ترقی کے لئے امریکہ کی امداد کی ضرورت ہے۔

بمبئی کی ہڑتال کا تیسرا دن

انگریز نے ۵۷ء کے انقلاب سے لرز کر ہندو مسلمانوں میں تفریق پیدا کی

ہندو مسلم اتحاد کے لئے مولانا مدنی اور مولانا حبیب الرحمن کی تقاریر

(نامہ نگار الجمعیۃ)

جالندھر (بذریعہ ڈاک) جمعیۃ علماء ہند ضلع جالندھر کی کانفرنس ۳ دسمبر کو منعقد ہوئی جس میں ذیل لیڈروں نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنروں کے علاوہ کانفرنس میں جن لوگوں نے شرکت کی ان میں شیخ الاسلام مولانا حسین احمد مدنی، مولانا حبیب الرحمن لدھیانوی، مولانا شبیر احمد، مسٹر تارا چند، وزیر زراعت، وزیر صحت، پنڈت ستیہ پال، مولانا ابوالقاسم، مولانا محمد اسمعیل ایم ایل اے قابل ذکر ہیں۔

کانفرنس میں تقریباً ہزار ہندو مسلمان اور سکھوں نے شرکت کی۔ تمام مقررین نے ہندو مسلم اتحاد پر زور دیا اور ہندوستان کی آزادی کو برقرار رکھنے کے لئے باہمی اتحاد کی ضرورت پر زور دیا۔ کانفرنس کا کچھ حصہ ۱۰ دسمبر کی اشاعت میں شائع ہو چکا ہے۔ باقی اس اشاعت میں شائع کیا جا رہا ہے۔

جمعہ کی نماز کے بعد شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی نے گھنٹہ تک بصیرت افروز تقریر فرمائی جس میں انگریزی تدبر اور سیاست کے ان پہلوؤں کو پیش کیا۔ جنہوں نے ہندوستان کو تباہ کن نقصان پہنچایا ہے۔

مولانا حبیب الرحمن کی تقریر

یوم محمد علی منانے کیلئے نوجوانوں کی اپیل

سہارنپور ۹ دسمبر (بذریعہ ڈاک) امسال جنوری کے پہلے ہفتہ میں یہاں پر محمد علی لائبریری کے زیر اہتمام "یوم محمد علی" بڑے اہتمام سے منایا جا رہا ہے۔ محمد علی لائبریری کے سکریٹری حکیم عبدالکافی صاحب نے ایک بیان میں نوجوانوں سے اپیل کی ہے کہ اب جبکہ ہندوستان آزاد ہو چکا ہے یہ ضروری ہے کہ ہم اپنے محسن اکابر کو فراموش نہ کریں جنہوں نے ملک و وطن کی خاطر بیش از بیش قربانیاں دی ہیں۔ آپ نے کہا ہے کہ نوجوانوں کو چاہئے کہ وہ جنوری کے پہلے ہفتہ میں یوم محمد علی منا کر رئیس الاحرار مولانا محمد علی کو خراج عقیدت پیش کریں۔

آپ نے یہ بھی بتایا ہے کہ اس سلسلہ میں سہارنپور میں محمد علی لائبریری کی جانب سے یوم محمد علی کے سلسلے میں ۷ جنوری کی شام کو ایک کل ہند مشاعرہ اور ۸ جنوری کو اسکول اور کالجوں کے طلباء کی ایک ڈیبیٹ ہو رہا ہے جس میں ایک رننگ کپ رکھا گیا ہے۔

پاکستان پلاننگ بورڈ کا اجلاس

کراچی۔ ۹ دسمبر۔ پاکستان پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ بورڈ کی افتتاحی میٹنگ اس ماہ کے آخری ہفتہ میں منعقد ہو رہی ہے۔

پاکستانی افسر برطانیہ کو

کراچی ۹ دسمبر۔ سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ حکومت پاکستان نے برطانیہ میں ٹریننگ حاصل کرنے کے لئے افسر بھیجنے کا فیصلہ کیا ہے۔ عنقریب دو کمیٹیاں قائم کی جائیں گی ایک مغربی پاکستان کے لئے اور ایک مشرقی بنگال کے لئے جو طلباء کا انتخاب کریں گی جو ڈائرکشن شپس میں معنی تربیت حاصل کریں۔ پاکستان پلاننگ بورڈ کا بجٹ خرچ کرے گا۔

کی ذہنیت کہ فرقہ وارانہ طور پر تربیت دی جاتی تھی۔ مولانا نے آگے چل کر کہا کہ سکھوں اور مسلمانوں میں اختلافات دیکھ کر مجھے حیرت ہوتی ہے حالانکہ گروؤں اور مسلمان بزرگوں کے تعلقات ایسے تھے کہ مسلمان اور سکھ ایک دوسرے سے جدا نہیں ہو سکتے۔

حضرت بابا فرید کی وفات... گرنتھ صاحب میں موجود ہے۔ گوردوارہ ... حضرت میاں میر نے رکھا تھا۔ گوردوارہ کو مسلمانوں کو بھی اسی قدر احترام کرنا چاہئے جتنا سکھ کرتے ہیں۔

آپ نے کہا کہ آج کل فسادات کا نام جہاد رکھ دیا گیا ہے حالانکہ قرآن عزیز میں جہاد کی فرضیت کا ایک سبب یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ مسلمان مجاہدین تمام مذاہب کی عبادت گاہوں کی بھی حفاظت کریں۔

آخر میں آپ نے پنجاب میں غیر مسلموں اور مسلمانوں کی باہمی کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا ہم ان گناہوں کی سزا مل رہی ہے۔

مضامین اور خبریں

کاغذ کے صرف ایک طرف نیز صاف اور خوشخط لکھکر ارسال فرمایئے۔ تاکہ کتابت کی غلطیاں دور ہو جائیں۔ (ادارہ)

جوانی کو ایکدم واپس لے آنیوالی تین چیزیں

اکسیر رجسٹرڈ موتی مونگا سلاجیت فولاد اور وہ تمام جڑی بوٹیاں اس میں شامل ہیں ... سب سے بڑی کامیاب دوا ہے قیمت فی شیشی ...

جیون رجسٹرڈ رگوں میں نیا خون، پٹھوں میں نئی طاقت پیدا کرکے جوانی کو ایکدم واپس لے آتی ہے سونا، مشک، عنبر اور قیمتی جواہرات ... قیمت فی شیشی دس روپے

طلا مسیحی اس کو لگاتے ہی مردہ رگوں اور پٹھوں میں جان آجاتی ہے ... قیمت فی شیشی ...

مصدقہ: ... دستخط حکیم ...

صدیقی دواخانہ ... دہلی

اشتہار نیلام

...

سارے ہندوستان میں مشہور

...

دواخانہ ... دہلی

طاقت کے چھوہارے

...

منیجر شاہی مطب ... جامع مسجد دہلی

ہفتہ وار الجمعیۃ

کا

مطالعہ فرماکر اپنا قومی فرض ادا کیجئے

اور اپنے یہاں کے ایجنٹ سے طلب فرمایئے

اگر آپ کے شہر میں ایجنسی نہیں ہے تو ایجنٹ سے مطالبہ کیجئے

کہ وہ جلد سے جلد ایجنسی حاصل کرے۔

(منیجر)

آپ کے بچوں کے پڑھنے کیلئے

ماہنامہ رہنما پیامبر

قیمت سالانہ ... علاوہ محصولڈاک

الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسمجان دہلی

کمزوری کو ہرگز بڑھنے نہ دو

اگر آپ دن بدن کمزور ہوتے جارہے ہیں وزن میں کمی ہو رہی ہے۔ اپنے کاموں کی دلچسپی ... اگر آپ نے اپنی ضعف کی طرف سے غفلت برتی تو آپ بیکار ہو جائیں گے ... اپنی صحت اور طاقت کو ہمدرد کی جیون شباب آور سے لوٹایئے اور برقرار رکھئے۔

دنیا میں اس سے بہتر مقوی اور بے ضرر دوا کوئی نہیں ...

جیون شباب آور سے ... ہو جاتی ہے خانگی زندگی

ہمدرد کا مشہور عالم ... دواخانہ ...

ہمدرد دواخانہ لیبوریٹری دہلی

ہمدرد

حکومت چین اپنی زندگی کی آخری گھڑیاں گن رہی ہے

کمیونسٹ فوجیں پانگپو سے صرف ۳۰ میل دور رہ گئیں

پانگپو کی شکست حکومت کے وجود پر ضرب کاری ہوگی

ہانکنگ ۱۰ دسمبر۔ جنرل چیانگ کائی شیک کی فوجیں دونوں محاذوں یعنی شمالی چین کے سنکیانگ محاذ اور ...کے قریب پانگ ...ندی کے شمالی حصے میں سخت جنگ کر رہی ہیں۔ پیکنگ جنرل ...کی فوجوں کو ...اور یہاں فوجیں کمیونسٹوں کے ایک زبردست ... حملہ کی تیاریاں کر رہی ہیں۔ ... میل شمال میں کمیونسٹوں کی فوجوں نے ... کے مقام پر ... کر دیا ہے۔

سرحد میں لیگ کے انتخابات

پشاور ۱۰ دسمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ ...

جمعیت کی ممبرسازی اور الجمیعۃ کی توسیع اشاعت کیلئے

جمعیۃ علماء آگرہ کا سرکلر

آگرہ ... جمعیۃ علماء ہند کی ... آگرہ کا ایک سرکلر ... اشاعت موصول ہوا ہے جو درج ذیل ہے۔

...

کامن ویلتھ کیلئے ٹوریوں کی تجویز

لندن ۱۰ دسمبر۔ برطانیہ کی کنزرویٹو پارٹی ...

نیشنل ہیرالڈ کی دروغ بیانی

(سلسلہ اول سے آگے)

...

مغربی پنجاب میں ڈاکٹروں کا قحط۔ آٹھ اضلاع میں میڈیکل آفیسر نہیں

ملیریا کی روک تھام کیلئے حفاظتی اقدام کیا جا رہا ہے وزیر صحت کا بیان

بین الاقوامی لیبر آرگنائزیشن کا ماہر کراچی میں

کراچی ۱۰ دسمبر۔ ...

ہندی اور دیوناگری رسم الخط کی حمایت

ہندی سمیلن جمشید پور اجلاس کا آغاز

...

سی پی میں گولوالکر کے بیان کی اشاعت پر پابندی

دہلی میں گرفتار شدہ سکھی ستیہ گرہیوں کو سزائیں

دنگہ کی ستیہ گرہ کی تفصیلات

دہلی ۱۰ دسمبر۔ ہندوستان کے دوسرے حصوں سے جو اطلاعات موصول ہوئی ہیں ...

دستور ساز اسمبلی

...

قاضی اکرم الدین

...

مسٹر سنتھانم

...

اسمبلی کا الیکشن اور شلوس

...

مسٹر کلاوڈیل کی تقریر

...

روزانہ دو شو ۶ بجے شام ۹ بجے رات

ہر ہفتہ اور اتوار کو خاص میٹنی شو ۳ بجے شام

شائقین و اخبارات کا متفقہ فیصلہ

کہ

وائٹ وے سرکس

ایک شاندار شو ہے

واقع پریڈ گراؤنڈ نزد لال قلعہ دہلی

...

شرح ٹکٹ ...

جرمنی خضاب تاج مارکہ

سفید بالوں کو چند منٹ میں سیاہ کرتا ہے ... ہر جگہ ملتا ہے۔

تاج ہیئر ڈائی کمپنی صدر بازار تیلی واڑہ کشن گنج دہلی

دہلی کی مشہور چٹپٹی نہاری صبح سویرے تیار ملتی ہے ہر وقت عمدہ صاف کھانا تیار ملتا ہے نیز آرڈر دینے پر ہر قسم کی روٹی تیار کی جاتی ہے بسم اللہ ہوٹل بازار بلیماران دہلی منیجر محمد عزیز

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

قیمت سالانہ چالیس روپے
ششماہی بیس روپے
سہ ماہی گیارہ روپے

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

قیمت فی پرچہ دو آنے

جلد ۳۰

دہلی یوم پیر ۱۰ صفر المظفر ۱۳۶۸ھ مطابق ۱۳ دسمبر ۱۹۴۸ء

نمبر ۲۷۳

فون نمبر ۵۸۵۵

بذریعہ ہوائی جہاز ۲ ہ آنہ

الیسا نہ کیجیے

وی۔ پی منگا کر واپس کر دینا قانونی، اخلاقی اور مذہبی جرم ہے۔ آپ کی طلب پر وی۔ پی پہونچے تو اسے ضرور وصول فرمائیے۔

منیجر الجمعیۃ دہلی

ہند اور پاکستان کی گفت و شنید کی مدت میں توسیع ہو گئی

گفت و شنید دوستانہ ماحول میں ہو رہی ہے

دوران بحث میں ابھی تک کوئی مشکل پیش نہیں آئی

ہالینڈ میں ہندوستانی سفیر

حیدرآباد دکن میں فرقہ وارانہ فساد — کرفیو اور دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ

جنرل اسمبلی میں سامراجی طاقتوں کو روس کا مخلصانہ مشورہ

آزادی خیال کی اجازت دینے کی پرزور اپیل

سید قاسم رضوی کے خلاف فرد جرم، وزراء کے خلاف عدم غور

جمہوریہ انڈونیشیا کی ایک نئی پیشکش

ڈچ حکومت سے از سر نو گفتگو کرنے پر آمادگی

اتحاد کی ضرورت

انگریزی بولنے والے ملکوں میں قریبی

امریکہ اور برطانیہ کے اشتراک اور تعاون پر اظہار مسرت

دارالعوام میں مسٹر چرچل کی تقریر

برلن کے بارے میں برطانیہ کی پالیسی میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی

برطانوی پارلیمنٹ میں فلسطین کی پالیسی پر زبردست نکتہ چینی

دہلی کے بعض اخبارات پر پابندی

جنرل اسمبلی کے ہندی ممبران کی واپسی

تبت سنو چہرے کے داغ دھبے دور کر کے خوبصورت بناتی ہے۔ ہر جگہ ملتی ہے۔ مینوفیکچرز کوہ نور کیمیکل کمپنی دہلی

فوجی حکومت کو امن قائم کرنیکے سوا دوسرے معاملات میں دخل نہیں دینا چاہئیے

حکومت کو چاہئیے کہ وہ تباہ شدہ مسلمانوں کی فوری امداد کرے

جمعیۃ علمائے حیدرآباد دکن کی اہم تجاویز

پنجابی بولنے والے علاقوں کا ایک علیحدہ صوبہ بنانے کا مطالبہ

سکھ فی الحال اس مطالبہ کو ملتوی کرنے کو تیار ہیں

آسامی قبائلیوں کو حق رائے دہی ملنے سے اکثریت اقلیت بن جائیگی

ہند کے انتہائی شمال مشرقی صوبہ میں دلچسپ آئینی پیچیدگی

بین الاقوامی لیبر کانفرنس کا ہندستانی وفد

رشوت خوری کے خاتمہ کیلئے سخت اقدام

مسٹر آصف علی کی تقریر

اٹلی میں کمیونسٹوں کی دہشت پسندانہ سرگرمیاں

روم ۱۱ دسمبر۔ اٹلی کی سینٹ کے ممبر یہ مطالبہ کر رہے ہیں کہ اپیلیا اور دوسرے صوبوں کے حالات کا مطالعہ کرنے کے لئے ایک پارلیمنٹری کمیشن مقرر کیا جائے سینٹ کے کچھ ممبروں کا کہنا ہے کہ کمیونسٹ ... کمیونسٹوں کا کنٹرول ہو چکا ہے۔

برطانوی بحری بیڑے پر ایٹم کا حملہ

اطالوی بحری بیڑہ میں سے روس کا حصہ

مہاراجہ پٹیالہ کی نظر بندی

ہائی کورٹ میں ایک اور حلفیہ بیان

مسٹر جناح کا عزم بحرین

مغربی یونین کا جھنڈا

مغربی بنگال سے پارسل بھیجنے پر پابندی

ملایا میں نظر بند ہندستانی

نئی دہلی کے ملازمین کی تعریف

پاکستان کا نیا آرڈی ننس

اخبارات پر پابندی

چین میں لڑائی کی رفتار

گورکھا فوج ہانگ کانگ بھیجی جائیگی

بنگال کے ریلوے ملازمین ہڑتال کیلئے رائے طلبی کر رہے ہیں

۱ لاکھ ملازمین حصہ لیں گے نائب صدر ریلوے فیڈریشن کا بیان

اہم مطالبات

بمبئی کے مشہور سیٹھ مانک لال چنی لال کو گرفتار کر لیا گیا

فلم ڈسٹری بیوشن کمپنی کی آتشزدگی کا شاخسانہ

ہالینڈ میں ہندی سفیر

ہر قسم کی خط و کتابت کرتے وقت اپنا پتہ صاف تحریر کیجئے (مینیجر)

روزانہ
الجمعیۃ دہلی
۱۳ دسمبر ۴۸ء

دوستوں کی باتیں

ہمارا خیال ہے کہ جن لوگوں اور جماعتوں نے جنگ آزادی میں حصہ لیا اور کانگریس کو متعدد بار کی حیثیت سے کامیاب بنایا انہیں اس وقت پورا حق ہے کہ حکومت کے سامنے اپنی تکالیف رکھیں اسے اپنی باتوں سے آگاہ کریں اور اپنا دل اس کے سامنے نکال کر رکھدیں اور صفائی کے ساتھ وہ سب کچھ کہدیں جو ایک دوست سے کہنا چاہیے۔ صاف گوئی، راست گفتاری، اور بے تکلفی بہادروں کا طریقہ ہے، بہادروں سے منافقت کی نہیں۔ جرأت، اور حق گوئی کی ہی امید ہو سکتی ہے کیونکہ جو لوگ جنگ آزادی میں انگریز سے نہ ڈرے وہ اپنے بھائیوں کے سامنے تکلف کرتے ہوئے کیا اچھے معلوم ہوں گے، خلوص اور بہادری سچے سپاہیوں کا ہتھیار ہے اور ان کی قدر وہی کر سکتا ہے جو خود بھی بے باک اور نڈر ہو اور اپنے جیسوں کی قدر کرنا جانتا ہو۔

دوسری طرف حکومت کا فرض بھی ہے کہ وہ اپنے رفیقوں اور ساتھیوں کی باتوں کو سنے ان کے اشاروں کو سمجھے، ان کی تکالیف کا احساس کرے اور ان کی صاف گوئی اور بہادری کی داد دے، حکومت کو معلوم ہے اور پنڈت نہرو اور سردار پٹیل جانتے ہیں کہ جمعیۃ علماء اور نیشنلسٹ مسلمانوں نے اس وقت غداری نہیں کی جب انہیں اپنی غداری کی بڑی سے بڑی قیمت مل سکتی تھی، اب جبکہ ملک آزاد ہو چکا اور اپنی حکومت قائم ہو چکی ہے تو وہ اپنی آرزوؤں کی تکمیل کو کس طرح گہری قبر میں دفن کریں گے۔ خدا خدا کر کے تو یہ دن دیکھنے نصیب ہوئے کہ کانگریس اپنے ملک کی سربراہ کار ہے اور آزادی کا دروبست اس کے قبضہ میں آیا اب یہ کس طرح ممکن ہے کہ آزادی کے سپاہی جنگ جیتنے کے بعد آزادی کے دشمن بن جائیں اور اپنی عمارت کو آپ ہی ڈھانے لگیں، غداری کا وقت نکل چکا، انہیں دکھانے کا وقت بیت گیا، قیمت وصول کرنے کا موقعہ بھی جاتا رہا، یہ سارے کام انگریز کے دور میں بڑی خوش اسلوبی سے انجام پا سکتے تھے، اگر نیشنلسٹ مسلمانوں کے دل میں چور ہوتا، یا انہیں اکثریت کی طرف سے کاوش اور کانگریس کی طرف سے بدگمانی ہوتی تو وہ آزادی کے تقاضوں کا ساتھ کیوں دیتے، مار کیوں کھاتے، اپنے شیخ الہند کو اپنے ہاتھ سے کیوں کھوتے، کروڑوں مسلمانوں کی ملامت کیوں سہتے، لیگ کے ہاتھوں اپنی بے عزتی کیوں کراتے اور ملک کی تقسیم کی مخالفت میں کانگریس سے دو قدم آگے کیوں رہتے، کیا یہ ساری مصیبتیں اسلئے اٹھائی تھیں کہ منزل پر پہونچتے ہی لڑنا جھگڑنا شروع کر دیں گے، اگر یہ باتیں نہیں ہیں اور اب بھی نہیں ہیں تو پھر دوستوں کو دوست سمجھنا ہی اصل دوستی ہے اور دوست سے ہی یہ توقع ہو سکتی ہے کہ وہ دوست کی باتوں کو کان لگا کر ہمدردی کے ساتھ سنے گا اور اس کی بے تکلفی کو توہین یا عداوت پر محمول نہ کرے گا۔

ہمیں یہ دیکھ کر ذرا بھی تعجب نہیں ہوا کہ لکھنؤ کے اجلاس میں جمعیۃ علماء کے بعض اکابر نے ذرا کھل کر بے تکلفی کے ساتھ حکومت کو مخاطب کر کے اپنی باتیں سنانے کی کوشش کی ہے، چنانچہ انہوں نے فرمایا کہ مسلمانوں کو اپنا موقف شناخت کرنا چاہیے، انہوں نے گذشتہ دور میں شدید غلطیاں کیں جن کا خمیازہ انہیں پندرہ اگست کے بعد بھگتنا پڑا اور وہ اپنی موجودہ مشکلات کے لئے بہت بڑی حد تک آپ ہی ذمہ دار ہیں اب صحیح راہ یہ ہے کہ وہ اپنی غلطیوں کا احساس کریں اور حکومت کے ساتھ تعاون کر کے اپنی دیانتداری اور ثقاہت کا ثبوت دیں، حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی نے تو یہانتک فرمایا کہ مسلمانوں کو اپنے ہم وطنوں کے ساتھ عزت، محبت اور انصاف کا برتاؤ کرنا چاہیے اور ان مظالم کی تلافی کرنی چاہیے جو پاکستان میں ہندوؤں پر توڑے گئے۔

اسی اجلاس میں ہند کے تنگ مزاجوں کو بتایا گیا کہ ہندوستانی مسلمان غیر ملکی نہیں ہیں انہیں دوسروں کی طرح اپنی جنم بھومی میں جینے اور مرنے کا حق حاصل ہے، انہیں یہ بھی حق ہے کہ اپنے لئے مساوی حقوق کا مطالبہ کریں، کیونکہ مسلمان بہادر شاہ کے وقت سے آزادی کی خاطر قربانیاں دیتے آئے ہیں اور ان کی نمائندہ جماعت جمعیۃ علماء ہند نے کانگریس کے دوش بدوش جنگ آزادی میں حصہ لیکر یہ ثابت کر دیا ہے کہ مسلمانوں کو اپنے وطن سے محبت ہے اور وہ اسپر قربان ہونا اپنا مقدس فرض سمجھتے ہیں۔

جلسہ میں اکثریت سے رواداری کی اپیل کی گئی اور اسے بتلایا گیا کہ [illegible] مغرور ہو کر اقلیتوں کے پاس سے گذر جانا کوئی اچھی بات نہیں، آزادی کے حصول پر ہم سبکو فخر کرنا چاہیے، نہ یہ کہ ایک طبقہ برتری کے احساس میں مبتلا ہو کر دوسروں کو کمتری کے احساس میں مبتلا کر دے، سیاست جتنی گہری [illegible] یاد وقت آنے پر بڑی بڑی سلطنتیں بھی حوادث کی چٹان سے ٹکرا کر چور چور ہو جایا کرتی ہیں اس وقت اکثریت کی قسمت باقی رہتی ہے نہ اقلیت کا سوال آڑے آتا ہے۔

بلاشبہ اس اجلاس میں ذبیحہ گاؤ [illegible] اور زبان کے مسئلہ پر بھی اظہار خیال کیا گیا لیکن کیا اکثریت کے لئے یہ زیبا ہو گا کہ وہ مسلمانوں سے اظہار رائے کا حق بھی چھین لے، یا کیا حکومت کے لئے یہ مناسب ہو گا کہ وہ ان باتوں پر کان نہ دھرے اور اقلیتوں کو اپنے معاملات میں بولنے تک کی اجازت نہ دے، سوال یہ ہے کہ اگر اکثریت آج اقلیت کی جگہ ہوتی تو وہ کیا کرتی، کیا اسے مجبور کر دیا جاتا کہ سب کچھ سہے مگر لبوں کو حرکت نہ دے، ہم نہیں کہتے کہ اقلیتوں کے جن مسائل میں مداخلت کی جا رہی ہے ان میں حکومت کی بدنیتی کو دخل ہے، ایسا گمان کرنے والا اپنے جذبات کو تو تسکین دے سکتا ہے، کانگریسی حکومت کے ساتھ انصاف نہیں کر سکتا مگر غور کیجئے جن مسائل کو انگریز جیسے دشمن نے بھی ہاتھ نہ لگایا ہو اور جن کا احترام ہماری مرضی پر چھوڑ دیا ہو انہیں اگر ہماری حکومت ہماری مرضی کے خلاف طے کرے تو ہمیں کس قدر افسوس ہونا چاہیے۔

کیا ہم یہ کہیں کہ آزادی سے تو غلامی ہی بہتر تھی، کانگریس سے تو انگریز ہی اچھا تھا، انہوں نے تو پرانے ہی دور اندیش تھے، اگر ہم نے ایک لمحے کے لئے بھی یہ انداز اختیار کیا تو ہم سے بڑھکر خود غرض اور وطن دشمن اور کون ہو گا۔ مگر ہم یہ بھی نہیں چاہتے کہ ہمارے دشمن ہمیں یہ طعنہ دیں کہ اب آزادی کا مزہ چکھو اور اکثریت کی غلامی کا تماشا دیکھو، تم نے کانگریس کا ساتھ دیکر سیاسی غلامی سے تو آزادی ضرور حاصل کی لیکن اکثریت کی تہذیبی تسلط نے [illegible] گردن میں ڈالدیا، اور آزادی کی قیمت میں اپنی تہذیب اور مذہبی خصوصیات دے بیٹھے۔ کیا یہ طعنہ ہمارے لئے تیر و نشتر سے کچھ کم ثابت ہو گا، اب ہمارے سامنے دو ہی راستے ہیں کہ یا تو اغیار کے یہ طعنے سنکر اپنی قربانیوں پر شرمندہ ہوں، یا پھر اپنی حکومت سے مطالبہ کریں کہ وہ مسلمانوں کے مذہبی اور تہذیبی مزاج کے پس منظر کو دیکھے اور ان باتوں سے سروکار نہ رکھے جنکا تعلق نجی معاملات سے ہے۔ ہم اپنی روایات کے پیش نظر دوسرا راستہ اختیار کر ہی نہیں سکتے، اور انگریز کی غلامی اور اکثریت کی محکومانہ غلامی میں کسی قسم کا فرق کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں!

اچھی باتیں

وما - تا - یعقلون (پ ۹)

نہیں جو کچھ بھی دیا گیا ہے وہ تو دنیا کی زندگی تک کے لئے ہے ان چیزوں سے تم دنیا کی زندگی کو زیب دے سکتے ہو لیکن پائدار اور باقی رہنے والی چیز خیر و بھلائی ہے، کیا تم اتنی بات بھی نہیں سمجھتے۔

دنیا کی کوئی چیز بری نہیں کائنات سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانا چاہیے بری چیز یہ ہے کہ انسان مادیت میں پھنس کر دنیا اور آخرۃ کے توازن کو باقی نہ رکھے اور دائمی زندگی کو عارضی زندگی پر قربان کردے۔ اسلام روحانیت اور مادیت کے صحیح امتزاج سے ایک صالح نظام قائم کرنا چاہتا ہے تاکہ ایک طرف اخلاق کی قدریں محفوظ رہیں اور دوسری طرف ہمارا نظام زندگی مربوط اور ہم آہنگ رہے جو شخص دنیا کو بھلائی کے لئے استعمال کرے گا وہ اپنے آپ کو جوابدہ سمجھے گا اور آخرۃ کا تصور اس کی انسانیت کے درجہ کو گرنے نہ دے گا۔ آج یہ مادیت ہی کا کرشمہ ہے کہ ہر شخص خود غرضی، ظلم، بے رحمی، بددیانتی کا مجسمہ بنا ہوا ہے، اور انسان انسان کو مٹانے میں مشغول ہے، آخرۃ کا تصور تمام بھلائیوں کی جڑ ہے یہ جڑ اکھڑ گئی ہے اور انسانیت کی کوئی قیمت باقی نہیں رہی

بادشاہ فلسطین

شاہ عبداللہ والئی شرق اردن پیر کے روز اعلان کریں گے کہ وہ عرب فلسطین اور شرق اردن کے بادشاہ ہیں یعنی فلسطین کا جو حصہ عربوں کے حصہ میں آیا ہے وہ نہ عرب لیگ کو دیا جائے گا نہ مجلس اعلیٰ کمیٹی کے حوالہ ہو گا، نہ مفتی اعظم فلسطین کو اسکا صدر بنایا جائے گا بلکہ اس پر شاہ عبداللہ کی سیادت قائم ہو گی برنادوٹ تجاویز میں بھی یہی طے ہوا تھا کہ عربوں کا فلسطین شاہ عبداللہ کے حوالہ کر دیا جائے اس تجویز کا سب سے بڑا حامی برطانیہ تھا اور اب یہودی بھی راضی کر لئے گئے ہیں کہ وہ شاہ عبداللہ کو عرب فلسطین کا بادشاہ تسلیم کرلیں! ماننا پڑے گا کہ شرق اردن کا یہ گرگ باراں دیدہ اپنے مطلب کا بہت ہوشیار ہے، برطانیہ کو اس سے بڑھکر چالاک اور کون مل سکتا ہے کہ انگریز کا یہ نمک خوار اور اقتدار کا بندہ کہیں یہود کے ہاتھ تمام عرب کو فروخت نہ کر دے اور ان کے ذریعہ اپنے حریفوں کو نیچا دکھانے کی کوشش نہ کرے، اب کیا فرمائیں گے فلسطین کے مفتی اعظم اور شام و مصر کے مدبرین کہ [illegible] مشرق وسطیٰ کا کیا حشر ہو گا۔

سیوک سنگھ

راشٹریہ سیوک سنگھ نے اپنے اس مطالبہ کے لئے کہ اس سے پابندی اٹھالی جائے ستیہ گرہ شروع کر دی ہے اور اس سلسلہ میں ہندوستان بھر میں ان کی گرفتاریاں عمل میں آ رہی ہیں، ایک وقت سارے ہندوستان میں ستیہ گرہ کا آغاز ایک بہت بڑی اور گہری سازش کا پتہ دیتا ہے اور یہ اندازہ لگانا آسان ہو جاتا ہے کہ ان کے ارادے کیا ہیں، یہ کہنا کہ سیوک سنگھ ہندوستان کی ایک خطرناک فسطائی جماعت ہے، اب ہمارے لئے کوئی نیا انکشاف نہ ہو گا، اس کا نصب العین موجودہ جمہوریت کو ختم کر کے رام راج کا قیام ہے اور اس کی گذشتہ تباہ کاریوں سے صاف ظاہر ہے کہ اس راج کا مطلب کیا ہے، اس جماعت کا [illegible] بہت وسیع ہے، اکثر سرمایہ دار اس کی پشت پناہ ہیں اور حکومت کے کلیدی منصبوں پر اس کا قبضہ ہے، یہ جماعت نہ ہندوؤں کی خیر خواہ ہے نہ ملک کی ہمدرد، اس کا مقصد فرقہ پرستی کو فروغ دیکر سرمایہ داری کو باقی رکھنا ہے، اب ہر ہندوستانی کا فرض ہے کہ وہ نہرو گورنمنٹ کے ہاتھ مضبوط کرے اور ہندوستان کو ذلیل مقاصد کے ہاتھوں ذلیل ہونے سے بچائے۔

اس اہنسا کو روکو

دستور ساز اسمبلی میں مویشیوں کے ذبیحہ پر پابندیاں لگانے کی ہدایت تو کر دی گئی مگر اس سے اہنسا کا وہ مقصد پورا نہ ہوا جو ہدایت کنندگان کے پیش نظر تھا، کیا ہمارے ان لیڈروں نے اس غریب بچھڑوں کی [illegible] جو [illegible] سے پہلے ہی ذبح کر دئے جاتے ہیں اور ان کی کھالیں [illegible] ذرا بازار تو چل کر دیکھئے آپ کو ہزاروں کھالیں ان بچوں کی نظر آئیں گی جنہیں [illegible] ماؤں کے پیٹوں سے نکال کر ذبح کیا جاتا ہے [illegible] حکومت کو چاہیے کہ [illegible] اہنسا کی توہین ہے!

وزیر اعظم ہنگری مستعفی

لندن [illegible] ہنگری کے وزیر اعظم [illegible] نے استعفیٰ دیدیا ہے [illegible]

گلی قاسم جان میں جلسہ

[illegible]

تاریخ اور اخبارات کے صفحات سے دریافت کر لیجئے ہر ایک کا یہی جواب ملیگا
جاں باز اور سرفروش جماعت صرف جمعیۃ علماء ہند ہے

(شیخ الاسلام کا خطبہ صدارت)

(۶)

۴۲ سنہ کے فتنہ [illegible] اور سنگٹھن کا شوشہ جو برطانیہ کے [illegible] نے اس لئے چھوڑا تھا کہ وہ اتحاد و اشتراک جو تحریک خلافت کے زمانہ میں ہندوؤں اور مسلمانوں کے درمیان قائم ہو گیا تھا ختم کر دیا جائے۔ اس کا مقابلہ کس نے کیا ۲۹ سنہ میں شاردا ایکٹ کے خلاف ایجی ٹیشن کرنے والا کون تھا۔ ۳۳ سنہ میں معلمین اور حجاج پر لگائے جانے والی پابندیوں کی مخالفت کس نے کی، تبرا جیسی غلط تحریک کی اصلاح کے لئے کون آگے بڑھا۔

سول میرج ایکٹ اور مرکزی اسمبلی کے شریعت بل میں ترمیم کی مخالفت کس نے کی۔ اسلامی اوقاف کی حفاظت کے سلسلہ میں صوبہ یو پی میں قانون اوقاف کس نے مرتب کرایا۔ صوبہ بہار میں اوقاف کو ٹیکس سے مستثنیٰ کرنے کی جدوجہد کس نے کی۔ صوبہ سرحد کی اسمبلی میں شریعت بل کے نفاذ کی کوشش کرنے والے کون تھے پھر لیگ کے دو قومی نظریہ اور تحریک پاکستان کی مخالفت میں ہر قسم کی توہین و تذلیل مصیبت برداشت کرتے ہوئے ایڑی چوٹی کا زور کس نے لگایا۔

اگر آپ کو یاد نہ ہو تو تاریخ کے صفحات اور اخبارات کے کالموں سے دریافت کر لیجئے اس قسم کے سوالات کا ایک ہی جواب ملے گا۔

یہ جانباز و سرفروش جماعت صرف جمعیۃ علماء ہند ہے۔

جمعیۃ علماء ہند کا فارمولا

برادران محترم۔ جمعیۃ علماء ہند کی رہنمائی کے باب میں سب سے زیادہ نمایاں اور سب سے زیادہ قابل فخر دفعہ ہوئے ہیں جو جمعیۃ علماء ہند پاس کرتی رہی۔

آزاد ہندوستان میں مسلمانوں اور دوسرے فرقوں کے قابل اطمینان اور صحیح موقف کے متعلق اگرچہ جمعیۃ علماء ہند [illegible] سے پہلے بھی پیش کر چکی تھی مگر اس کا سب سے زیادہ مشہور وہ فارمولا ہے جو اس نے ۴۲ سنہ میں مرتب کیا تھا جب کہ سامراجی ظلم و ستم کی [illegible] اور خونریزیوں کا دور [illegible] پہونچ چکا تھا اور قریب تھا کہ وطن عزیز منزل آزادی تک پہنچ جاتے۔ اس فارمولے کی اہم دفعات کو کانگریس رفتہ رفتہ اپنا چکی تھی اور جب ۴۶ سنہ میں کیبنٹ مشن نے ایک فارمولا تجویز کیا تو صرف برابری اور مساوات کی شرط زیر بحث تھی باقی تمام نظریات کیبنٹ مشن نے اپنا لئے تھے۔ اس فارمولے کا بنیادی نظریہ وحدت مرکز تھا تاکہ ہندوستان جیسے براعظم کی جنگی اور دفاعی طاقتیں بکھر نہ سکیں اور ہندوستان پورے ایشیا کا محافظ بن سکے۔ البتہ ہر ایک صوبہ اور صوبہ کے ہر باشندہ کو حریت اور آزادی اور استقلال کی دولت سے بہرہ اندوز ہونے کے لئے فارمولے کی دفعہ میں تجویز کیا گیا تھا کہ جملہ اختیارات صوبوں کے ہاتھ میں ہوں اور مرکز کو صرف وہی اختیارات دئے جائیں جو تمام ملک کے لئے مشترک اور یکساں ہوں مثلاً ڈیفنس، مواصلات، تجارتی امور وغیرہ ان مشترک اختیارات کے ساتھ جن کی تقسیم [illegible] کر دی گئی ہو، باقی تمام مصرحہ اور غیر مصرحہ اختیارات صوبوں کے حوالہ ہوں گے۔

وحدت مرکز کی صورت میں اقلیت کے خطرہ کو دور کرنے کے لئے فارمولا کی تیسری شرط یہ تھی کہ مرکز کی تشکیل ایسے طرز سے ہو کہ اکثریت اقلیت پر زیادتی نہ کر سکے۔

فارمولا کی تشریح میں ایسی تشکیل کی چند صورتیں بتا دی گئی تھیں۔

مذکورہ بالا تفصیلات کے علاوہ فارمولے کا مفاد یہ تھا کہ

(۱) صوبہ سرحد، صوبہ سندھ، صوبہ بلوچستان، کشمیر مذہبی، سماجی، کلچرل امور میں قطعاً خود مختار ہوتے۔

(۲) پورا صوبہ پنجاب اور پورا صوبہ بنگال جس کا دار الحکومت کلکتہ تھا مسلم اکثریت کے زیر اقتدار ہوتا۔

(۳) صوبہ دہلی اور ضلع سلہٹ بھی آسام کی سیاست اور حکومت میں مسلمانوں کا حصہ تقریباً مساوی ہوتا۔

(۴) ہندوستان کے باقی صوبوں میں مسلمان لاوارث یتیم کی طرح نہ ہوتے۔ کیونکہ (الف) ملازمتوں اور اسمبلیوں میں ان کا حصہ ۳۰ یا ۳۳ فیصدی ہوتا۔ (ب) وزارتوں میں ان کی موثر شمولیت ہوتی (ج) مذہبی اور تمام فرقہ وارانہ امور میں ان کو حق استرداد حاصل ہوتا۔ (د) وہ ایسے مرکز کے ماتحت ہوتے جس میں ان کی تعداد مساوی ورنہ کم از کم ۴۳ فیصدی ہوتی اور تمام فرقہ وارانہ امور کا فیصلہ ان کے ہاتھ میں ہوتا کیونکہ مرکزی اسمبلی یا کیبنٹ مسلم اکثریت کی موافقت کے بغیر کوئی فیصلہ صادر نہ کر سکتی۔

حقیقت یہ ہے کہ یہی فارمولا تھا جس کو کیبنٹ مشن اور کانگریس تسلیم کر چکی تھی اکثریت کو اقلیت کا پابند اور اسکا دست نگر بنا دیا تھا۔ مگر افسوس مسلمانوں کے دماغ سحر سامری سے ماؤف ہو چکے تھے ان کے دلوں اور دماغوں پر صرف ایک نعرہ مسلط تھا پاکستان زندہ باد اس کے علاوہ وہ کچھ سمجھتے تھے نہ سمجھنے کی کوشش کرتے تھے حتی کہ لفظ پاکستان کا مفہوم بھی نہ سمجھتے تھے۔

وہ کچھ ایسے وارفتہ ہو گئے تھے کہ [illegible] کر سکتے تھے کہ پاکستان اگر علاج ہے تو ان صوبوں کے لئے جہاں مسلمان پہلے سے اکثریت میں ہیں اور جو کسی تحفظ کے محتاج نہیں ہیں بلکہ دوسرے اپنی حفاظت کے لئے ان کے رحم و کرم کے محتاج ہیں وہ یہ نہ سمجھتے تھے کہ مسلم اقلیت کے [illegible] سراسر تباہی ہے اور جسکو علاج کہا جا رہا ہے وہ اسکے لئے سم قاتل اور سخت مہلک ہے۔

بہرحال جمعیۃ علماء کے فارمولے کے برعکس جب تمام مراحل طے ہو چکے تھے [illegible] برطانیہ نے نئے پلان تقسیم ہند کے تمام خاکے کو کامیاب بنا کر ۳ جون ۴۷ سنہ کو اس کا اعلان کر دیا ہم تسلیم کرتے ہیں کہ اس طرح لیگ کامیاب ہو گئی، مسٹر جناح کامیاب ہو گئے اور وہ [illegible] طبقہ کامیاب ہو گیا جو ہندوستان میں [illegible] سماج کا خواب دیکھ رہا تھا۔ جمعیۃ علماء کو شکست ہوئی قوم پرور طبقہ کو شکست ہوئی۔ مگر اس کامیابی کا [illegible] لیگ کی طاقت نہیں بلکہ برطانوی سامراج کے وہ اغراض ہیں جو آزادی ہند کے بعد ہندوستان [illegible] اس لئے جدا گانہ انتخاب کا [illegible] ہندو مسلمانوں کو [illegible] اور ہر ایک علاقہ میں [illegible] خواہ جماعت جدا گانہ انتخاب کی [illegible] کے باوجود کامیابی کے قریب [illegible] کے مرکز [illegible] کی طاقت کو [illegible] اور خود [illegible] میں خانہ جنگی پیدا کرنے کی بنیاد ڈالی [illegible] ہندوستان آزاد ہو [illegible] کو تسلیم کرنے اور [illegible] کو ملک کی [illegible]

اس نے [illegible] ہندوستان کے [illegible] دوسرے سے جدا کرنے کے لئے وہ [illegible] جس کے نتیجہ میں لاکھوں ہندو مسلمان تہ تیغ کئے گئے ان کے معصوم بچے [illegible] خواتین کی [illegible] لاکھوں خاندان برباد ہوئے اور [illegible] تباہی اور بربادی کی [illegible] نفرت کی آگ اب تک سلگ رہی ہے اور فرقہ پرستی کا [illegible] ہندوستانی مسلمان [illegible] اکثریت کے رحم و کرم کے محتاج ہو گئے ہیں ان کی تمام [illegible] ختم اور تمام [illegible] پاکستان جا چکے ہیں۔

(باقی)

میونسپل ملازمین کی ہڑتال

[illegible] میونسپل ملازمین نے [illegible] ہڑتال کر دی ہے۔

جمعیۃ علماء کی خبریں

جمعیۃ علماء کی خبریں روانہ کرتے ہوئے مختصر اور خوشخط لکھنے کی کوشش کیجئے تمام خبریں جاتی قارمول پر ہوں یا جاتی جہاں کہیں بھی ہونی چاہئے شہر یا دیہات میں جو نئی شاخیں قائم ہو رہی ہیں وہ اپنی خبریں ضلع یا شہر کے دفتر کے ناظم پر یا مہر کے ساتھ تصدیق کرکے روانہ کریں (ادارہ)

ٹونک میں ممبر سازی

ٹونک (بذریعہ ڈاک) ماتحت جمعیتوں سے جو اطلاعات موصول ہو رہی ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ ممبر سازی بڑی سرگرمی سے ہو رہی ہے اور مولوی سید منظور الحسن صاحب برکاتی، منشی صفی اللہ بیگ، ماسٹر بدر الحسن صاحب بی اے منشی احمد مجتبیٰ خازن، حافظ وحید اللہ صاحب مولوی ظفر اللہ صاحب مولوی احمد شاہ صاحب وغیرہ ممبر سازی میں بڑی دلچسپی لے رہے ہیں۔

ضلع کھیری میں ہفتہ جمعیۃ

حکیم نظام الحق صدیقی سکریٹری جمعیۃ علماء کھیری نے دورہ کرکے مواضعات میں جمعیۃ علماء کردی ہے اور اکثر مقامات پر تقاریر بھی کیں۔

موضع بلہری: یہاں پر جمعیۃ علماء قائم ہو گئی ہے عبد الحمید صاحب صدر عبد الحمید صاحب نائب صدر، احمد صاحب ناظم ذکار اللہ خاں نائب ناظم محمد صاحب خازن مقرر ہوئے ہیں۔

موضع سسوار: یہاں پر بھی جمعیۃ کا قیام اور عہدہ داروں کا انتخاب ہو گیا ہے مولوی رشاد صاحب، زین الدین صاحب نائب صدر وحید الدین صاحب ناظم عنایت اللہ صاحب نائب ناظم اور حافظ محمد حسین صاحب خازن مقرر ہوئے ہیں۔

موضع بھیرا خاں: یہاں پر منشی عباد اللہ صاحب کو صدر حکیم ظفر احمد صاحب کو نائب صدر محمد شفیع صاحب کو ناظم بلا ادارت نائب ناظم منشی عباد اللہ صاحب کو خازن منتخب کیا گیا ہے۔

قصبہ برو ا: اس قصبہ میں جمعیۃ کے قیام کے بعد عہدہ داروں کا انتخاب عمل میں آیا فضل احمد صاحب کو صدر ماسٹر عبد الرزاق صاحب کو نائب صدر حافظ نبی احمد صاحب کو ناظم منشی تنجیر احمد خاں صاحب نائب ناظم اور قاضی محمد شفیع صاحب کو خازن منتخب کیا ہے۔

کریم پور تلتیری بازار میں جمعیۃ کا قیام

مولانا ہدایت علی صاحب مہتمم مدرسہ ہدایت المسلمین اور مولوی لیاقت حسین صاحب کی کوشش سے کریم پور تلتیری بازار میں جمعیۃ علماء قائم ہو گئی ہے حاجی محمد صاحب کریم پور محمد صدیق صاحب کرچھوا محمد صاحب کرچھوا، شکر محمد صاحب کرچھوا شکیل صاحب ... زین الدین صاحب گوندا اور ... صاحب اور عبد الحئی صاحب شکر یا کو ارکان جمعیت منتخب کیا گیا ہے۔

جمعیۃ علماء دلدار نگر کا جلسہ

دلدار نگر ۱۸ نومبر (بذریعہ ڈاک) جمعیۃ علماء دلدار نگر کا ایک عظیم الشان اجتماع ہوا جس میں دور و نزدیک کے حضرات شریک جلسہ ہوئے حضرت مولانا ابو الوفا صاحب شاہجہانپوری نے نہایت ہی بصیرت افروز تقریر فرمائی۔

آغاز تقریر میں مسلمانوں ہند کی باہمی اجتماعی منتشر اس عمل کی تلقین فرمائی۔ اور جمعیۃ کی ممبر سازی ...

مسلمانان راجستان کے نام!

ٹونک بذریعہ ڈاک: حکیم سید نجیب احمد برکاتی صدر جمعیۃ علماء راجستان نے ایک بیان میں کہا ہے کہ مجھے یہ معلوم کرکے بڑی مسرت ہوئی کہ مسلمانان راجستان کو اپنی تنظیم کا احساس پیدا ہو گیا ہے اور وہ بڑی تعداد میں جمعیۃ علماء کے ممبر بن رہے ہیں۔ پڑاوہ، ہمرونج، چھپڑو، ٹونک، کوٹہ، بوندی، کشن گڈھ سے جو اطلاعات موصول ہو رہی ہیں وہ بہت ہی امید افزا ہیں۔

چونکہ مرکزی جمعیۃ نے ممبر سازی کی میعاد ۳۱ دسمبر تک توسیع کردی ہے اس لئے مسلمانان راجستان سے میری اپیل ہے کہ وہ ممبر سازی کی مہم کو پوری مستعدی کے ساتھ جاری رکھیں اور اس مہلت سے پورا پورا فائدہ اٹھائیں۔

مجھے امید ہے کہ مسلمانان ٹونک خصوصیت کے ساتھ اس دعوت پر لبیک کہیں گے اور جمعیۃ علماء کے نظام کو مضبوط و مستحکم کرکے ٹونک کی علمی و ادبی خصوصیات و شاندار روایات کے پیش نظر ٹونک کی مرکزیت کو باقی رکھیں گے۔

ایڈیٹر کے نام ← خطوط

ایڈیٹر کام اسد نامہ نگاروں سے متفق ہونا ضروری نہیں

مشرقی بنگال سے ہندوؤں کا انخلاء

جناب مکرم سلام مسنون!

مشرقی بنگال سے ہندوؤں کے انخلاء کی جو خبریں اخبارات میں آرہی ہیں وہ یقیناً قابل افسوس ہیں، لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ جب تک پاکستان کے ہندو پاکستان کو اپنی حکومت نہ سمجھیں گے اس قسم کی شکایات برابر پیدا ہوتی رہیں گی ...

شکر کی تکلیف دہ گرانی!

مشرقی بنگال کیلئے چاول کا کوٹہ

ڈھاکہ ... دسمبر: بلوچستان اور سندھ کی نوابی کی فصل سے پاکستان کی مرکزی حکومت نے مشرقی بنگال کے لئے ستر ہزار ٹن چاول کا کوٹہ منظور کیا ہے

ہندنے یہودیوں کو فضول اہمیت دی

سابق وزیر اعظم اڑیسہ کا خیال

مصیبت زدہ میواتیوں کیلئے جمعیۃ علماء کی سرگرمیاں

مسلمانوں سے امداد کرنے کے لئے سحبان الہند کی اپیل

دہلی ... دسمبر: مصیبت زدگان میوات کی امداد کے تئے نائب صدر مرکزی جمعیۃ علماء ہند حضرت مولانا احمد سعید صاحب نے ایک اپیل کی ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ میواتیوں کو جاڑے اور سردی سے بچانے کے لئے اب تک ۲۰۳ لحاف اور کئی سو گز گرم کپڑا روانہ کیا جا چکا ہے لیکن صرف اس سے کام نہیں چل سکتا اس سے بہت زیادہ امداد کی ضرورت ہے جو مسلمانوں کی مالی اعانت کے بغیر نہیں دی جا سکتی سحبان الہند نے اس بات کی امید ظاہر کی کہ مسلمان اس کار خیر میں جمعیۃ علماء کا پوری طرح ہاتھ بٹائیں گے۔

مولانا نے فرمایا انڈین یونین کی گورنمنٹ نے اجڑے ہوئے میواتیوں کو دوبارہ بسانے کا فیصلہ کرلیا ہے ... تباہ شدہ مسلمان دوبارہ میوات میں بسائے جا رہے ہیں۔ ان لوگوں کی بار بار اجاڑے گئے اور مختلف طریقوں سے لوٹے گئے ان کی تباہ حالی کا صحیح اندازہ لگانا ہر شخص کو مشکل ہے۔ ان میواتیوں کی جو حالت اس وقت ہے اس کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا یہ لوگ جلے ہوئے مکانوں میں پڑے ہوئے ہیں۔ ان کے سروں پر صرف آسمان کی چھت ہے۔ ان کے پاس اگر ہے تو ... آگ جلانے کو ایندھن نہیں، لحاف نہیں، رضائی نہیں، کمبل نہیں ... ہندوستان کی ایک منفرد اور کارآمد قوم ہماری سرد مہری سے تباہ ہونے کے قریب ہے اگر اہل خیر حضرات نے بہت جلد توجہ نہیں کی تو ہزاروں انسان نہ معلوم کن کن خطرناک امراض میں مبتلا ہو جائیں گے

جمعیۃ علماء ہند ان لوگوں کی حفاظت کے لئے ... لحاف اور کئی سو گز گرم کپڑا ... جس کی تفصیل بہت جلد اخبارات میں شائع کردی جائے گی۔ ... مصیبت زدہ جماعتوں میں یہ سامان تقسیم کیا جا رہا ہے۔

آخر میں تمام اہل خیر حضرات کی خدمت میں گذارش ہے کہ جس قدر جلد اس کار خیر میں جمعیۃ علماء کا ہاتھ بٹائیں اور اپنے ... بھائیوں کی امداد کرکے ...

اس سلسلہ میں جو رقم بھی جائے ... تفصیل ... کردی جائے گی ... حضرات کی رقوم ... کی جا سکیں۔

ماہر القادری کا "فاران"

ارباب علم و ادب کو یہ خبر سن کر مسرت ہوگی کہ نامور ادیب و شاعر حضرت ماہر القادری مستقل طور پر ماہنامہ "فاران" جاری فرما رہے ہیں ...

ریونیو ریکارڈ کا تبادلہ ملتوی

گورنر مغربی پنجاب لاہور میں

جی پی سیشن کیلئے کشمیر کا وفد

شیخ عبد اللہ قیادت کرینگے

امریکہ چینی فوجوں کی کمان کیلئے مارشل جیانگ کی نئی تجویز

حکومت اسرائیل کی شکایت

پاکستان کی ہوائی فوج کا نیا کمانڈر

دنیا ... ایک حکومت ہو

بھائی کی دعوت میں ڈلیا کی تقریر

شرنارتھیوں کی آبادکاری

حکومت عراق سے تیل سپلائی کرنیکا مطالبہ

امریکہ، برطانیہ اور فرانس کے متحدہ نوٹ

لندن ... دسمبر: برطانیہ، فرانس اور امریکہ نے حکومت عراق سے یہ مطالبہ کیا ہے کہ تیل کی لائن کو از سر نو کھول دیا جائے حکومت عراق نے گذشتہ موسم گرما میں ریفائنریز کو تیل کی سپلائی فلسطین کی جنگ اور حیفہ کے صاف کرنے ... کارخانوں کے یہودیوں کے ہاتھ میں چلے جانے کی وجہ سے بند کردی تھی ... یورپ کی اقتصادی حالت کو درست کرنے کے لئے حیفہ سے تیل کی سپلائی کو بہت اہم خیال کیا جاتا ہے ابھی تک حکومت عراق نے ... اس کا کوئی جواب نہیں دیا۔

مغربی طاقتیں ایشیا کی اقتصادی ترقی میں رکاوٹ ہیں

اقتصادی کمیشن کے اجلاس میں روس کا فوجی طاقتوں پر الزام

لیک سکسس ... دسمبر: ایک روسی نمائندے نے مغربی طاقتوں پر یہ الزام عائد کیا کہ جنوب مشرقی ایشیا کی ترقی کے راستے میں رکاوٹیں ڈال رہی ہیں ...

بھوپال کے ادغام کا مسئلہ

بھوپال کانگریس ذآل انڈیا کانگریس کی حوالہ کرو ...

وزیر اعظم کا تحفہ

کمیونزم کے خلاف تقریر

پرامن کرسمس

سنگھیوں کی سرگرمیاں

امرتسر میں گرفتاریاں

سنگھ کیخلاف مظاہرہ

اندور میں گرفتاریاں

علی گڑھ میں گرفتاریاں

پٹیالہ کی فوجوں کی تعریف

بس سے حادثہ!

تلاش گم شدہ

حالات کا مقابلہ کرو پاکستان نہ چھوڑو

مسٹر منڈل کا پاکستان کے ہندوؤں کو مشورہ

حیدرآباد (سندھ) ۱۶ دسمبر - میں پاکستان کی کابینہ میں اپنے ذاتی اغراض کے پیش نظر نہیں ہوں بلکہ میں یہاں پر اقلیتوں کے حقوق کی نگرانی کے لئے ہوں مجھے یہ دیکھ کر بہت دکھ ہوا کہ کچھ مقامی افسران ہندوؤں کے ساتھ کرخت برتاؤ کر رہے ہیں۔ میں وزیر اعظم کے نوٹس میں یہ بات لاؤں گا اور اس بات کا خیال رکھوں گا کہ ان کی شکایات دور ہوں۔ یہ الفاظ مسٹر منڈل وزیر قانون و محنت حکومت پاکستان نے ہندوؤں کے ایک وفد کو جواب دیتے ہوئے کہے - آپ نے کہا کہ میں آپ سے یہ امید کروں گا اور دوسری اقلیتوں کو میرا یہی مشورہ ہوگا کہ وہ جرأت سے کام لیں۔ اور جو مقامی افسران آپ سے بدسلوکی کرتے ہیں یا انصاف نہیں کرتے ہیں آپ اعلیٰ حکام سے ان کی شکایت کریں۔ پاکستان چھوڑنے کا کبھی خیال تک دل میں نہ لاؤ بلکہ حالات کا بہادری سے مقابلہ کرو۔ لکھی گوبند رام پریتم داس وفد کے لیڈر تھے جنہوں نے ان سے یہ شکایت کی کہ کچھ مسلمانوں پر مہاجرین نے قبضہ کر رکھا ہے اور زرعی زمینوں پر قبضہ کو ناجائز قرار دیا جا رہا ہے

ایوان میں صدر کے انتخاب اور اختیارات پر بحث

دستور ساز اسمبلی کے جلسہ کی بقیہ کارروائی

اس کے بعد ہاؤس نے مجوزہ آئین کی دفعہ ۵۹ پر بحث شروع کی جس میں یونین کی ایگزیکٹیو اختیارات کا ذکر کیا گیا ہے کہ یونین کے ایگزیکٹیو اختیارات پریذیڈنٹ کو حاصل ہونگے جن کا استعمال وہ دستور اور قانون کی رو سے کر سکیں گے۔

پروفیسر کے۔ ٹی۔ شاہ نے ایک ترمیم پیش کی جس کے ذریعہ اس دفعہ کی پہلی دفعہ کو تبدیل کرنا مقصود تھا۔ اس کی بجائے انہوں نے حسب ذیل فقرہ پیش کیا۔ پریذیڈنٹ کو جو ایگزیکٹیو اختیارات حاصل ہیں۔ وہ اس کا استعمال اپنے وزراء کے صلاح مشورہ سے کریں گے۔ پروفیسر شاہ نے ایک اور ترمیم کے ذریعہ اس دفعہ کے دوسرے فقرہ کو بھی تبدیل کرنے کی تجویز کی اور اس کی جگہ یہ فقرہ پیش کیا۔ صدر کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ یونین کے جملہ کو ...

ہاؤس نے پروفیسر شاہ کی ترمیم رد کر دی۔ ...

میرٹھ میں مداخلت بیجا کے ملزمان کا فیصلہ

میرٹھ ۱۶ دسمبر - مسٹر بی۔ آر۔ جین ڈسٹرکٹ اور سیشن جج میرٹھ نے ضلع میرٹھ کے ... کو مداخلت بیجا کے الزام میں سزائے حکم سنایا ہے۔

دنیا کا سب سے بڑا بمبار

... دنیا کا سب سے بڑا بمبار ... ہزار میل کی مسافت پرواز ختم کر لی ہے۔ ...

شمالی آئرلینڈ میں عام انتخابات

... شمالی آئرلینڈ میں ... کے ابتدائی انتخابات کا ہونا لازمی قرار پایا ہے۔ ...

حکومت فرانس کی مالی پالیسی میں تبدیلی

...

محض شک کی بنا پر کوئی مجرم نہیں قرار دیا جاسکتا

گاندھی جی کے مقدمہ قتل میں وکیل صفائی کی بحث شروع

دہلی ۱۶ دسمبر - کل اسپیشل جج مسٹر آتما چرن کی عدالت میں گاندھی جی کے مقدمہ قتل کی مزید سماعت ہوئی - آج صفائی کے وکلاء نے اپنی دلائل شروع کیں۔ آغاز میں مسٹر منگل نے کہا کہ امید ہے کہ میں استغاثہ کی کھوکھلی ہوئی سرنگوں کو راستہ سے صاف کر سکوں گا ...

... فیصلہ کیا - عدالت سے درخواست کرتے ہوئے مسٹر منگل نے کہا کہ ان ... اس کے بعد مسٹر منگل نے استغاثہ کی شہادتوں اور بیانات کو ... عدالت کو بار بار کہتے ہوئے کہا کہ اس سے صاف ظاہر ہے کہ ...

مظاہرہ کی تیاری

سلسلہ دلائل جاری رکھتے ہوئے مسٹر منگل نے کہا ...

دار السلطنت

چوری کی وارداتیں!

دہلی زون تیرہ باغ سے اطلاع آئی ہے کہ وہاں ایک مکان سے ۲۲۰۰ روپے چرائے گئے۔

... ایک مکان سے بھی ۱۰۰۰ روپے کے سامان کی چوری کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔ ...

موٹر سے حادثہ!

...

کنٹرول کے خلاف ورزی کے مقدمات

...

مسٹر آصف علی کی آمد

...

سادھو کی پر اسرار ہلاکت

...

پردیسی کو لوٹ لیا

...

... گاندھی جی کی پرارتھنا کے وقت دہلی میں ...

ہندوستان اور سیلون میں چائے کی تجارت کے متعلق بات چیت

کولمبو ... معلوم ہوا ہے کہ حکومت سیلون اور ہندوستان کے تجارتی ... کے متعلق گفت و شنید ہو رہی ہے ...

مسٹر آصف علی دہلی کو

...

ماہی میں گرفتاریاں

...

کار جل گئی

...

خون کی خرابی سے پیدا ہونیوالی تمام بیماریوں کیلئے
شربت مصفی اعظم
استعمال کیجئے۔ جذام۔ آتشک۔ سوداویت
خارش۔ داد۔ غرضکہ ہر خرابی بہت جلد
ٹھیک ہو جائیگی۔ پتہ ذیل سے منگا لیجئے۔ قیمت ایک روپیہ چار آنہ
ہمدم دواخانہ یونانی۔ لال کنواں دہلی بکش

ہفتہ وار الجمعیۃ
کا
مطالعہ فرما کر اپنا قومی فرض ادا کیجئے
اور اپنے یہاں کے ایجنٹ سے طلب فرمائیے
اگر آپ کے شہر میں ایجنسی نہیں ہے تو ایجنٹ
سے مطالبہ کیجئے کہ وہ جلد سے جلد ایجنسی حاصل
کرے۔ یاد رکھیئے کہ کل اتوار کو رزنامہ کی
چھٹی ہوگی اور ہفتہ وار الجمعیۃ شائع ہوگا
(مینیجر ہفتہ وار الجمعیۃ دہلی)

آپ کے بچوں کے پڑھنے کیلئے
ہمارا پیغمبر
قیمت صرف چھ ۶
علاوہ محصول ڈاک
الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسمجان دہلی

چین کے طول و عرض میں مارشل لا اور ڈاک و تار پر شدید سنسر کا نفاذ

کمیونسٹ نانکنگ سے صرف چھتر میل رہ گئے

چین کی قومی حکومت کی آخری گھڑیاں

نیویارک ۔ ۱۱ دسمبر ۔ ریڈیو کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ آج مارشل چیانگ کے چین کے طول و عرض میں مارشل لا نافذ کر دیا ۔ نانکنگ کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ چین کی قانون ساز یوان نے ایک خفیہ اجلاس میں چین میں ڈاک و تار پر سنسر لگانے کی تجویز قبول کر لی ہے اس حکم پر ۔۔۔ مارشل لا کے علاقوں میں فوراً عملدرآمد شروع ہو گا ۔

ہزاروں چینی کمیونسٹوں نے آج حکومت کے ۔۔۔ سرا زبردست حملہ کیا ہے ۔

[illegible]

شرق اردن کے سفیر کا مراسلہ تعارف

گورنر جنرل پاکستان کی تقریر

کراچی ۱۱ دسمبر ۔ شرق اردن کے سفیر ہز ایکسیلنسی محمد پاشا نے اپنا مراسلہ تعارف گورنر جنرل پاکستان کے سامنے پیش کر دیا ۔ گورنر جنرل نے سفیر مذکور کی تقریر کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ حالات کی رفتار نے شرق اردن اور پاکستان کے عوام کو ایک دوسرے سے زیادہ قریب کر دیا ہے تاکہ دونوں ملکوں کے عوام اتفاق اور امن کے قائم کرنے میں متحدہ کوشش کریں ۔ پاکستان کے عوام اپنے عرب بھائیوں کے ساتھ کو اپنا ہی سمجھتے ہیں ۔ اور ان کے لئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے ۔

سفیر مذکور نے اپنی تقریر میں کہا تھا کہ شرق اردن کے عوام اچھی طرح جانتے ہیں کہ پاکستان کے عوام منظم اور باقاعدہ ہیں اور دوراندیش ۔۔۔ کر لئے ہیں ۔

بمبئی کی گودیوں کے مزدوروں کی ہڑتال

پولیس نے ختم کرنے کا حکم دے دیا

[illegible]

والیان ریاست اور سوراشٹر حکومت کا جھگڑا

جام صاحب نوانگر راج پرمکھ کی آمد کا انتظار

راجکوٹ ۔ ۱۱ دسمبر ۔ حکومت سوراشٹر اور والیان ریاست کے درمیان ان کی جائداد کے متعلق سخت اختلافات پیدا ہو گیا ہے ۔ [illegible] جائداد کا جھگڑا اسا سب پر حل ہو چکا ہے ۔

سنگھیوں کے خلاف حکومت کے اقدام کی توجیہہ

وزیر داخلہ سی ۔ پی پنڈت مصرا کا بیان

ناگپور ۔ ۱۱ دسمبر ۔ سی ۔ پی کے ہوم منسٹر پنڈت مصرا نے ایک پریس کانفرنس میں بتایا کہ حکومت ہند اور صوبائی حکومتوں نے راشٹریہ سیوک سنگھ کے خلاف کیوں مخالفانہ اقدام کیا ۔

[illegible]

ٹھیکیداروں کے نامناسب رویہ کے خلاف

آل انڈیا خوشنویس یونین کا جلسہ

دہلی ۱۱ دسمبر ۔ آل انڈیا خوشنویس یونین کے زیر اہتمام خوشنویسوں کا ایک اہم جلسہ زیر صدارت جناب میر مشتاق احمد صاحب بروز اتوار بتاریخ ۱۲ دسمبر بوقت چار بجے شام اردو بازار ۔۔۔ مقابل جامع مسجد ہوگا ۔ اس جلسہ میں پنجاب اسمبلی الیکشن لسٹوں کی کتابت کے بارے میں ٹھیکیداروں اور کمیشن ایجنٹوں کے اس نامناسب رویہ پر غور کیا جائے گا ۔ [illegible]

ایک پولیس افسر جل بسا

انبالہ ۔ ۱۱ دسمبر ۔ [illegible] ہسپتال میں جل بسے ۔

انڈمان میں ہوائی اڈہ

[illegible]

سارے ہندوستان میں مشہور

آنکھ کی بیماریوں اور پوشیدہ امراض کے خاص معالج حکیم ڈاکٹر ابوالفضل ولاس رفیع الدین حکیم ۔۔۔ حکیم اجمل خاں صاحب مرحوم ۔۔۔ [illegible]

ولاس فارمیسی فراشخانہ دہلی

مسلمانان آگرہ کی جانب سے مرکزی جمعیتہ کی گرانقدر امداد

دہلی ۱۱ دسمبر ۔ [illegible]

برطانوی پارلیمنٹ

[illegible]

ناٹک مسئلہ

[illegible]

مسٹر ایڈن کی تجویز

[illegible]

امریکہ کی بحری فوج

[illegible]

لنکا کے ہندوستانیوں کا بل

[illegible]

فلسطین کا مسئلہ

[illegible]

حیدرآباد میں حالات معمول پر آ گئے

ریاست کی فوجی حکومت کا کارنامہ

حیدرآباد ۔ ۱۱ دسمبر ۔ [illegible]

روزانہ دو شو
۶ بجے شام — ۹ بجے رات
ہر ہفتہ اور اتوار کو خاص میٹنی شو ۳ بجے شام
شائقین و اخبارات کا متفقہ فیصلہ
کہ
وائٹ وے سرکس
ایک شاندار شو ہے
واقع پریڈ گراؤنڈز دلال قلعہ دہلی
[illegible]
شرح ٹکٹ
[illegible]

کھانستے کیوں ہو
ستارہ چھاپ بیڑی پینے سے آپ کو ہرگز کھانسی نہ ہوگی ۔ ستارہ چھاپ بیڑی بڑھیا تمباکو سے بنتی ہے ۔
مینیجر کالیخاں ایم حنیف ساگر سی ۔ پی

کحل بقائی
دہلی کے مشہور آنکھوں کے معالج خاندان
بقا والوں کی مایہ ناز ایجاد
آنکھوں کی تمام شکایات کے لئے اکسیر اور آنکھوں کا محافظ قیمت فی شیشی ایک روپیہ
دواخانہ بقائی چتلی قبر دہلی

رجسٹرڈ ڈی — نمبر ۹۷ — قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

قیمت سالانہ
چالیس روپے
ششماہی بیس روپے
سہ ماہی
گیارہ روپے

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی — فون نمبر ۵۸۵۵

ایسا نہ کیجیے
وی۔ پی منگا کر واپس کر دینا قانونی
اخلاقی اور مذہبی جرم ہے۔ آپ کی
طلب پر وی۔ پی پہونچتے ہی اسے
ضرور وصول فرمائیے۔
منیجر الجمعیۃ دہلی

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۰ | دہلی یوم بدھ ۱۴ صفر المظفر ۱۳۶۸ھ مطابق ۱۵ دسمبر ۱۹۴۸ء | نمبر ۲۷۴ | بذریعہ ہوائی جہاز ڈھائی آنہ

دستور ساز اسمبلی میں ہندیونین کے صدر کے انتخاب سے متعلق دفعہ کی منظوری

انتخاب عوام نہیں بلکہ انتخابی جماعت کریگی

جان یا ذاتی آزادی کی اہم دفعہ بھی منظور کر لی گئی

(نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

نئی دہلی ۱۴ دسمبر۔ آج دستور ساز اسمبلی نے ہندیونین کے صدر کے انتخاب سے متعلق ... وہ دفعہ منظور کر لی جس میں کہا گیا ہے کہ صدر کا انتخاب ایک انتخابی جماعت کریگی ...

صدر کا انتخاب

وزیر اعظم کی پوزیشن

عام بحث

ایک عورت کو سزائے موت

جان متھائی کلکتہ میں

چینی حکومت کی متعدد ڈویژنیں گھر گئیں

کمیونسٹوں نے دار السلطنت کی دفاعی لائن توڑ دی

جنرل اسمبلی نے فلسطین کو شرق اردن کی تجویز نامنظور کر دی

شاہ عبداللہ کے سلطنت ہاشمیہ کا خواب پورا نہ ہوسکا

عربوں اور یہودیوں میں مصالحت کیلئے ایک کمیشن مقرر کر دیا گیا

۲۵ دہشت پسندوں کو ہلاک کر دیا گیا

ملایا میں فوج اور پولیس کی سرگرمیاں

شرق اردن پر یہودیوں کا حملہ

اقوام متحدہ کے مشاہد تحقیقات کریں گے

روم میں ہندی سفیر

ہزاروں روپیہ کا اسلحہ برآمد

ننگھ کے فتنہ کے خلاف مظاہرہ

الہ آباد کے طلبا کا جلوس

جمعیت لسنڈں کی ہمت افزائی

کے خلاف نکلنے کی کانگریس کو متنبہ

کوریا کی وحدت اور غیر ملکی افواج کا انخلاء

جنرل اسمبلی نے کوریا کے مستقل کمیشن کے قیام کی تجویز منظور کر لی

ایشیا کی صنعتی و زراعتی بحالی

کے لئے ۱۳۰ ملین پونڈ

جمعیۃ علماء کے اجلاس جھانسی میں نہ گڑبڑ ہوئی نہ واک آؤٹ ہوا

مولانا بشیر احمد صاحب نے غلط بیانیوں کی تردید کر دی

چودھ پور ریلوے کے ناجائز طور پر تخفیف شدہ اسٹاف کی حالت زار

پانچ ماہ کی بیکاری اور ہولناک گرانی سے فاقوں کی نوبت آگئی

دہلی ۱۳ دسمبر۔ چودھ پور ریلوے کے ناجائز طور پر تخفیف شدہ اسٹاف کی حالت اتنی خراب ہو گئی ہے کہ فاقوں پر نوبت پہنچ گئی ہے۔ ... کی یاد دہانی کے باوجود کوئی توجہ نہیں کر رہے۔ جودھ پور کے وزیر اعظم سے ... لیکن ابھی تک اس کے پورے ہونے کے آثار نظر نہیں آتے۔ غرض یہ ہر طرح سے پریشان ہیں اب ان کی آخری امید مرکزی حکومت سے وابستہ ہے۔

حکومت کی نیک نامی اور وقار کا دارومدار پولیس پر ہے

پولیس پریڈ کے موقع پر سردار پٹیل کی تقریر

تحصیل میرٹھ میں ممبر سازی کا جوش و خروش

پلکھوہ میں گرفتاریاں

ہندوستان کیلئے نئی پلاسٹک صنعت

بیکانیر کے ایک کالج میں پروفیسروں کی زبان بندی ہڑتال

سب سے نازک دور میں!

روم میں ہندوستانی نمائندہ

مشرقی بنگال کے ہندوؤں کو آزاد شہری تسلیم کرو

کلکتہ میں مسٹر منستانم کا پاکستان سے مطالبہ

کاغذ کے سات کروڑ صفحات اور پانچ کروڑ الفاظ

اقوام متحدہ کے اجلاس پیرس کے دلچسپ اعداد و شمار

ششمی ستیہ گرہ کی رفتار

شمالی اور جنوبی ہند میں گرفتاریاں

مرکزی اسمبلی میں ریاستی عوام کی نمائندگی کا مطالبہ

آسٹریلیا کیلئے جاپانی سوتی کپڑا

کتوں کیلئے بھی نسلی امتیاز

نواب بھاولپور لندن میں

جوانی کو ایک دم واپس لے آنیوالی تین چیزیں

اکسیر (رجسٹرڈ) ... کی سب سے بڑی کا سبب ... قیمت فی شیشی ...

جیون (رجسٹرڈ) رگوں میں نیا خون۔ پٹھوں میں نئی طاقت پیدا کر کے جوانی کو ایک دم واپس لے آتی ہے ... قیمت فی شیشی ... روپے

طلائے مسیحی اس کو لگانے ہی مردہ رگوں میں اور پٹھوں میں جان آ جاتی ہے اور عضو کی ساری خرابیاں ایک دم جاتی رہتی ہیں ...

تصدیق۔ آپ کی جیون ہر مایوس کیلئے واقعی جیون ثابت ہوئی۔ (حکیم) ...

صدیقی دواخانہ فراش خانہ دہلی

روزانہ
الجمعیۃ دہلی
۵ دسمبر ۱۹۴۷ء

تہذیب اور اسکا فطری ارتقا

اس کے معنی یہ ہیں کہ خود ہندو اپنے صوبہ کی لسانی اور تہذیبی خصوصیات کو برقرار رکھنا چاہتے ہیں اور اپنے عمل سے ظاہر کر رہے ہیں کہ تہذیب کے مسئلہ کو فرقہ واریت سے کوئی تعلق نہیں۔ مگر ...

[illegible]

لیگ کے ہاتھوں برطانوی ڈپلومیسی کی کامیابی قوم پرور ہندوستان کی شکست ہے

اس شکست کے نتیجہ میں ہم مہاتما گاندھی جیسی ہستی کو کھو چکے ہیں

(شیخ الاسلام کا خطبہ صدارت)

(آخری قسط)

بنگال اور دو صوبہ — برطانوی ڈپلومیسی کی جو کامیابی لیگ کے ہاتھوں ہوئی وہ دراصل قوم پرور مسلم قوم کی شکست ہے ...

بیشک یہ تمام باتیں اندوہناک ہیں۔ مگر ہمارے ساتھیوں کو یہ سمجھنا چاہیے کہ آزادی کی جنگ ابھی ختم نہیں ہوئی۔

بیشک سیاسی حیثیت سے ملک آزاد ہو گیا ہے مگر اقتصادی اور معاشی نقطۂ نظر سے وہ ...

[illegible]

جمعیۃ علماء کی سیاست سے علیحدگی

[illegible]

اچھی باتیں!

فامامن - تا - مفلحین پ ۲۰

پس جس شخص نے توبہ کی اور اپنے ایمان کو درست کیا اور اچھے کام کر کے دکھائے تو پھر بہت ممکن ہے کہ وہ فلاح اور کامیابی حاصل کرے۔

توبہ ایمان اور عمل صالح لازم ملزوم ہیں جس طرح کسی برتن کے لئے ضروری ہے کہ پہلے اس کا میل کچیل صاف ہو (توبہ) پھر اس پر قلعی چڑھے (ایمان) اور اس کے بعد اسکا صحیح استعمال ہو (عمل صالح) اسی طرح انسان کے لئے ضروری ہے کہ بدی کے زنگ کو دور کر کے دنیا میں اپنا ایک مقام پیدا کرے، توبہ کے معنی دھوکہ نہیں ہیں کہ توبہ بھی ہو رہی ہے اور دوسرے کام بھی جاری ہیں ان تینوں مراحل سے گذرنے کے بعد یہ امید ہو سکتی ہے کہ انسان اپنے مقصد میں بامراد ہو اور اسکی نامرادیاں کامرانیوں سے بدل جائیں بدی سے حفاظت ایمان کی پختگی اور حسن عمل کی دولت یہ تینوں مل کر قسمتوں کی تعمیر کرتی ہیں اور دنیا میں ایسے ہی لوگوں کو فلاح حاصل ہوتی ہے۔

دراصل جس ملک کی تہذیب ایک ہے اسکے لئے وحدۃ ہی ضروری ہے کیونکہ قدرت یہی چاہتی ہے کہ اس میں وحدۃ ہو اور جس ملک کی تہذیبیں مختلف ہیں ...

[illegible]

بہرحال فلسطین کی تقسیم کے بعد بھی فلسطین کو چین نصیب نہ ہوگا اور عرب آپس میں لڑ کر یہود کو خوب فائدہ پہنچائیں گے ...

انڈونیشیا

[illegible]

عربوں میں اختلاف

[illegible]

برنارڈ شا کو ایک وارث کی تلاش

کیا کوئی خدمات پیش کر سکتا ہے

[illegible]

جمعیۃ علماء کی خبریں

جماعتی خبریں ارسال کرتے وقت اس بات کا خیال رکھئے کہ خبریں صاف اور خوشخط اور مختصر ہوں جماعت کے عام پر ہوں یا جماعتی مہر لگی ہوئی ہو بصورت دیگر شائع نہ کی جائیگی شہروں یا اضلاع میں قائم شدہ نئی شاخوں کی اطلاع ضلع یا شہر کی جمعیۃ عامہ پر یا ان کی مہر کے ساتھ تصدیق ہو کر آنی چاہئیں۔ (ادارہ)

مجھوا امیر تحصیل بستی میں جمعیۃ کا قیام

ہدایت علی صاحب مہتمم مدرسہ ہدایت المسلمین مولوی ... سید عبد المنان صاحب و مولوی سید احمد صاحب کی کوشش سے مجھوا امیر تحصیل بستی میں جمعیۃ علماء قائم کی گئی ... صاحب کو صدر، میاں عبد الرحمن کو نائب صدر، سید عبد المنان مجھوا امیر کو ناظم، سید محمد نعیم کو نائب ناظم، سید ایوب حسن کو خازن منتخب کیا گیا۔

مدرسہ پنڈار میں جمعیۃ علماء کی شاخ

مولوی غریب اللہ صاحب مہتمم مدرسہ دار الہدیٰ پنڈار ڈاکخانہ ... تحصیل ہر ... بستی میں جمعیۃ علماء قائم کی گئی اور عبد الغفور صاحب ... کو صدر، حاجی اکرام الدین صاحب ... کو نائب صدر، مولوی غریب اللہ صاحب مہتمم دار الہدیٰ کو ناظم، عباس علی صاحب ... کو نائب ناظم، غریب اللہ صاحب موصوف کو خازن مقرر کیا گیا۔

ضلع بستی میں جمعیۃ کی ممبر سازی

ہدایت علی صاحب مہتمم ہدایت المسلمین کی کوشش سے قصبہ کرہی ... تحصیل بستی ... تحصیل بانسی ... تحصیل ... میں ہو رہا۔

شاخ کرہی میں اب تک ... ممبر بن چکے ہیں اور دیگر شاخوں میں تقریباً ... ممبر جمعیۃ علماء کے بن چکے ہیں۔

جودھپور میں جمعیۃ علماء کا جلسہ

جودھپور ... دسمبر (بذریعہ ڈاک) ... صدارت حکیم حاجی محمد ابراہیم خاں صاحب ... ایک جلسہ منعقد ہوا ... شریک ہوئے جلسہ میں جمعیۃ علماء کی خدمات ... کپتان حقیقت اللہ خاں، پنڈت گنگا داس ... جناب ابو الاعلیٰ ... صاحب ... نے ایک نظم پڑھی۔

فیض آباد میں ہفتہ جمعیۃ

مرکز اور صوبہ کی ہدایت کے مطابق فیض آباد میں ہفتہ جمعیۃ شاندار طریقہ پر منایا گیا ... صاحب اور مولوی عبد الحسیب صاحب ... نے ... ملاقاتیں کیں ... اور ان کو جمعیۃ علماء کی طرف رغبت دلائی گئی۔

آگرہ میں جمعیۃ علماء کی مقبولیت

آگرہ (بذریعہ ڈاک) ... نومبر سے ... نومبر تک ہفتہ جمعیۃ بڑی شان و شوکت سے منایا گیا ... جمعیۃ کا پیغام لوگوں تک پہونچا ... عام جلسے ہوئے مولوی سید حسن صاحب ... جمعیۃ علماء کی تنظیم ... کے لئے ...

... نومبر کو حضرت مولانا اخلاق حسین صاحب ... جمعیۃ علماء ... آگرہ تشریف لائے ... ایک مبسوط تقریر فرمائی۔

شکوہ آباد جمعیۃ علماء کی جدوجہد

شکوہ آباد ... دسمبر (بذریعہ ڈاک) ممبر سازی کی مدت میں ... ضلع کے ... کا دورہ ... پروگرام ... کرنے والے ہیں مولانا ...

ایک مزدور جلسہ کے سلسلہ میں ریاست ... ضلع ... جارہے ہیں ... کی شاخیں قائم کرنے کی پوری پوری کوشش کریں گے۔

ریاست مالیر کوٹلہ میں

جمعیۃ علماء کی عام ممبر سازی

میاں جی حبیب اللہ امام جامع مسجد ... مالیر کوٹلہ نے اطلاع دی ہے کہ ریاست میں جمعیۃ علماء کی عام ممبر سازی بڑے پیمانہ پر کی جارہی ہے ممبر سازی کے سلسلے میں کئی بڑے جلسے ہو چکے ہیں ... اور مسلمانان مالیر کوٹلہ کثیر تعداد میں جمعیۃ علماء کے ممبر بن رہے ہیں۔

جمعیۃ علماء ضلع سارن کی سرگرمیاں

... جمعیۃ علماء ضلع سارن ... کے ممبر ... کا کام پورے ضلع میں ... جاری ہے ... جمعیۃ علماء سارن کے نقیب ... گوپال گنج ... کے اہم مقامات کے دورے ... جمعیۃ علماء کے اغراض و مقاصد بیان کئے۔

پیران کلیر شریف کا عرس

پیران کلیر (بذریعہ ڈاک) ... سکریٹری ... درگاہ عالیہ صابریہ ... کہ اس سال عرس شریف حضرت ... صابر پاک ... منعقد ہوگا ...

غیاث الدین کہاں ہیں

... غیاث الدین ... فسادات کے ... سے ... معلوم ہو ... اطلاع دیں ...

ایڈیٹر کے نام ـــــ خطوط

ایڈیٹر کا مراسلہ نگاروں سے متفق ہونا ضروری نہیں

بنگال میں پرمٹ کی ضرورت

جناب ایڈیٹر صاحب تسلیم!

